Member AKNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
www.dailydhartiajk.com
dailydharti@gmail.com
روزنامہ
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: اعجاز قمر
جلد 02 | جمعرات 29 دسمبر 2022ء 05 جمادی الثانی 1444ھ 14 پوہ 2079 ب | صفحات 04/ قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 312

نوجوانوں خواتین کو معاشی طور پر خود کفیل بنانے کیلئے روزگار کے مواقع فراہم کرینگے وزیر اعظم آزاد کشمیر

خواتین کام کے لیے آگے آئیں ہم انہیں بلاسود قرضہ فراہم کریں گے، ہماری خواتین ہنر مند ہیں آزاد کشمیر اور کشمیری مصنوعات اگر مارکیٹ میں آئیں گی تو اس سے ہمارے کلچر سے دنیا آشنا ہو گی

نامساعد حالات کے باوجود آزاد کشمیر بھر میں 31 سال کے بعد پرامن بلدیاتی الیکشن کروائے، بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے اختیارات نچلی سطح پر منتقل ہوں گے اور نئی قیادت سامنے آئے گی، تنویر الیاس

مظفرآباد (پی آئی ڈی) وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر سردار تنویر الیاس خان نے کہا ہے کہ چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کے ویژن کے مطابق آزاد کشمیر کے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کر رہے ہیں۔ آزاد جموں وکشمیر ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کے قیام سے خواتین کو روزگار کے مواقع میسر آئیں گے، خواتین معاشرے کا اہم جز ہیں ہماری آبادی کا پچاس فیصد حصہ خواتین پر مشتمل ہے۔ ہماری (بقیہ 18 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد (پی آئی ڈی) وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر سردار تنویر الیاس خان نے کہا ہے نوجوان میری قوت ہیں، نوجوانوں کو زندگی کے ہر شعبہ میں آگے لائیں گے۔ آزاد کشمیر میں 32 سال بعد بلدیاتی انتخابات کے انعقاد میں ریاست بھر کے شہریوں نے جس ذمہ داری کا (بقیہ 19 صفحہ 03 پر)

عوام کو توانائی معاملے پر رویہ بدلنا ہوگا امن عامہ پر سمجھوتہ نہیں ہوگا وزیر اعظم

صوبائی حکومتوں، آزاد کشمیر، جی بی سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کا عمل جلد مکمل کر کے بچت پلان کا نفاذ یقینی بنایا جائے

ایندھن کی مد میں امپورٹ بل میں کمی کے لیے توانائی بچت پلان پر عمل اور متبادل توانائی کا استعمال ناگزیر ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (اے ایف پی): وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عوام کو توانائی کے معاملے پر اپنا رویہ اور عادت فوری بدلنا ہوگی۔ وفاقی کابینہ کا اجلاس وزیر اعظم کی زیر صدارت ہوا، جس میں پاور ڈویژن کی جانب سے پیش کیے گئے مجوزہ توانائی بچت پلان پر بحث کی گئی۔ اجلاس میں توانائی بچت پلان کے حوالے سے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ہونے والی مشاورت پر بریفنگ دی گئی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہمیں بہ حیثیت قوم توانائی کے حوالے سے (بقیہ 01 صفحہ 03 پر)

پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں متحد ہے، صدر علوی

شہدا کی قربانیوں کی بدولت دہشت گردی سے نجات حاصل کر لیں گے

اسلام آباد (صباح نیوز) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں متحد ہے، شہدا کی ملک کو دہشت گردی سے پاک کرنے کیلئے دی جانے والی قربانیاں یاد رکھی جائیں گی، شہدا کی قربانیوں کی بدولت ہم دہشت گردی سے مکمل نجات حاصل کر لیں گے۔ بدھ کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے 23 دسمبر کو آئی نائن، اسلام آباد میں خودکش دھماکہ میں شہید ہونے والے پولیس کے ہیڈ کانسٹیبل سید عدیل (بقیہ 17 صفحہ 03 پر)

یہ ماضی کا پاکستان نہیں، کیوں ڈیفالٹ کر جائے گا؟، اسحاق ڈار

زرمبادلہ کے ذخائر کم مگر ڈیفالٹ کا خطرہ بالکل نہیں، یہ ملک رہے گا

کراچی (صباح نیوز) وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان کا ڈیفالٹ ہونے کا کوئی چانس نہیں، ثابت کر سکتا ہوں کہ پاکستان ڈیفالٹ نہیں کرے گا، یہ ماضی کا پاکستان نہیں، کیوں ڈیفالٹ کر جائے گا؟۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ مشکل حالات ضرور ہیں لیکن پاکستان ڈیفالٹ نہیں (بقیہ 16 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: وزیر اعظم آزاد جموں وکشمیر سردار تنویر الیاس خان کامیاب خواتین پروگرام کا افتتاح کر رہے ہیں۔

وزارت اطلاعات نے ملک میں مالی ایمرجنسی کی خبروں کو بے بنیاد قرار دے دیا

ملک میں مالی ایمرجنسی لگانے کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں اور اس سلسلے میں کوئی فیصلہ نہیں کیا جا رہا

غلط خبریں پھیلا کر قوم کی خدمت نہیں کی جا رہی، ہر شہری کی ذمہ داری ہے کہ ایسی خبروں کو مسترد کرے، بیان

اسلام آباد (صباح نیوز) وزارت اطلاعات و نشریات نے ملک میں مالی ایمرجنسی لگانے کی خبروں کو بے بنیاد قرار دے دیا۔ وزارت اطلاعات ونشریات کی جانب سے بیان جاری کیا گیا ہے کہ ملک میں مالی ایمرجنسی لگانے کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں اور اس سلسلے میں کوئی فیصلہ نہیں کیا جا رہا۔ وزارت اطلاعات کا کہنا ہے کہ غلط خبروں کا پھیلانا غیر قانونی ہی نہیں بلکہ غیر اخلاقی بھی ہے، غلط خبریں پھیلا کر قوم کی خدمت نہیں کی جا رہی۔ وزارت (بقیہ 20 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود کا امریکہ کی آل نیبرز انٹرنیشنل آرگنائزیشن کے وفد کے اراکین سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو۔

امریکی وفد کی ملاقات آزاد کشمیر میں اقلیتوں کو بھی برابر حقوق حاصل ہیں صدر

اسلام رواداری اور وضعداری سکھاتا ہے جس میں تمام مذاہب کے لوگ اپنے اپنے عقیدے کے مطابق زندگی گزار سکتے ہیں، بھارت مقبوضہ کشمیر میں نو لاکھ فوج کے ذریعے مسلمانوں کی زندگی اجیرن کیے ہوئے ہے

آپ کو یہاں کے اصل حالات کا اندازہ ہوا ہوگا، واپس امریکہ جا کر یہاں کی اصل صورتحال کے بارے میں وہاں کے لوگوں کو بتا سکتے ہیں کہ یہاں پر کس طرح سے اقلیتوں کو تمام حقوق مساوی طور پر میسر ہیں، بیرسٹر سلطان

مظفرآباد (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا ہے کہ اسلام رواداری اور وضعداری سکھاتا ہے، جس میں تمام مذاہب کے لوگ اپنے اپنے عقیدے کے مطابق زندگی گزار سکتے ہیں۔ آل نیبرز انٹرنیشنل آرگنائزیشن امریکہ کے وفد کے آزاد کشمیر کے دورے سے یہاں کی اصل صورتحال سمجھنے کا موقع ملے گا اور آپ کو اندازہ ہوگا کہ یہاں پر اقلیتوں کو بھی برابر حقوق حاصل ہیں۔ جبکہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں نو لاکھ فوج کے ذریعے مسلمانوں کی زندگی اجیرن کیے ہوئے ہے اور وہاں پر بڑے پیمانے پر ظلم و بربریت اور انسانی حقوق کی پامالی جاری ہے۔ آپ لوگوں کے آزاد کشمیر کے دورے سے آپ کو یہاں کے اصل حالات کا اندازہ ہوا ہو گا لہذا میں آپ لوگوں سے کہوں گا کہ آپ واپس امریکہ جا کر یہاں کی اصل صورتحال کے بارے (بقیہ 02 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان، موسٹ سینئر وزیر خواجہ فاروق احمد، سیکرٹری سپورٹس یوتھ اینڈ کلچر ڈاکٹر محمد ادریس عباسی، ڈائریکٹر سپورٹس شوکت ملک، خورشید حسن خورشید سٹیڈیم میں تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

ملک کو بحران سے نکالنے کیلئے بلاول جیسی ولولہ انگیز قیادت کی ضرورت ہے چوہدری یاسین

سیاسی تاریخ میں جمہوریت کی بحالی کے لیے جو قربانیاں پیپلز پارٹی کی قیادت نے دی ہیں ان کی دنیا کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی

بلاول بھٹو زرداری نے بطور وزیر خارجہ یہ بات ثابت کر دی ہے کہ انہیں بین الاقوامی امور پر مکمل دسترس حاصل ہے، صدر پی پی

کراچی (دھرتی نیوز) صدر پاکستان پیپلز پارٹی آزاد و ممبر آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی چوہدری محمد یٰسین نے کہا ہے کہ ملک اس وقت بحرانوں سے نکالنے کے لیے بلاول بھٹو زرداری جیسی ولولہ انگیز اور نوجوان قیادت کی ضرورت ہے جنہوں نے بطور وزیر خارجہ یہ بات ثابت کر دی ہے کہ انہیں بین الاقوامی امور پر مکمل دسترس حاصل ہے اور وہ پاکستان کو سفارتی تنہائی سے نکالنے میں کامیاب رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز (بقیہ 04 صفحہ 03 پر)

گڑھی خدا بخش: شہید بینظیر بھٹو کی برسی کے موقع پر بلاول بھٹو سے چوہدری یاسین ملاقات کر رہے ہیں۔

قانون کی حکمرانی قائم کیے بغیر مسائل حل نہیں ہو سکتے، عمران خان

ملک میں استحکام کا واحد حل شفاف انتخابات ہیں، سینئر صحافیوں سے گفتگو

لاہور (صباح نیوز) سابق وزیر اعظم اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین عمران خان نے حکومت کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ ٹیکنو کریٹ حکومت لانے کا شوشہ چھوڑا جا رہا ہے۔ ابھی مجھے الیکشن ہوتے نظر نہیں آ رہا، اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ کوئی رابطہ نہیں، اگر آئندہ عام انتخابات میں کوئی پولیٹکل انجینئرنگ کی گئی تو نتائج اچھے نہیں ہوں گے، قانون کی حکمرانی (بقیہ 06 صفحہ 03 پر)

بلاول اسمبلی میں آنے کی دعوت نہیں دے سکتے، شاہ محمود قریشی

پارلیمنٹ میں اپنا کردار ادا کرنے کیلئے تیار ہیں لیکن حکومت سنجیدہ نہیں

ملتان (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے وائس چیئرمین اور سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو ہمیں اسمبلی میں آنے کی دعوت نہیں دے سکتے، اسمبلی آنے کی دعوت دینا وزیر اعظم کا استحقاق ہے۔ اپنے ایک بیان میں پی ٹی آئی رہنما شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ہم پارلیمنٹ میں اپنا کردار ادا کرنے کے لئے تیار ہیں لیکن حکومت سنجیدہ نہیں ہے اور انتخابات کی تاریخ نہیں (بقیہ 09 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ: وزیر ہائیر ایجوکیشن ملک ظفر اقبال ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں غازی ملت پبلک لائبریری کا افتتاح کرنے کے بعد دعا کر رہے ہیں۔

مقبوضہ کشمیر بھارتی فوج کی دہشت گردی جموں میں 4 کشمیری نوجوان شہید

بھارتی پولیس نے بڈگام کے علاقے چاڈورہ میں رات کی تاریکی میں ایک گھر میں گھس کر ایک خاتون سمیت تین افراد کو گرفتار کر لیا

بھارتی فوج نے نوجوانوں کو محاصرے اور تلاشی کی کارروائی کی آڑ میں ایک جعلی مقابلے میں شہید کر دیا، گھر گھر تلاشی کا سلسلہ جاری

جموں (کے پی آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فوجیوں نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی تازہ کارروائی میں بدھ کو ضلع جموں میں 4 کشمیری نوجوانوں کو شہید کر دیا۔ فوجیوں نے نوجوانوں کو محاصرے اور تلاشی کی کارروائی کی آڑ میں ایک جعلی مقابلے میں اس وقت شہید کر دیا جب وہ ضلع کے علاقے سدرہ میں ایک ٹرک میں سفر کر رہے تھے۔ بھارتی پولیس نے نوجوانوں کے قتل کا جواز پیش کرنے کے لیے ان کو عسکریت پسند قرار دیا، علاقے کا محاصرہ جاری ہے۔ علاوہ ازیں بھارتی پولیس نے ضلع بڈگام کے علاقے چاڈورہ میں رات کی تاریکی میں ایک گھر میں گھس کر ایک خاتون سمیت (بقیہ 10 صفحہ 03 پر)

محکموں، وزارتوں سے آڈٹ حکام کی رشوت طلبی کا انکشاف

بھاشا ڈیم، داسو، مہمند، نیلم جہلم منصوبوں میں اربوں کی بے ضابطگیاں

اسلام آباد (اے ایف پی) آڈٹ حکام اور اہلکاروں کی جانب سے سرکاری محکموں اور وزارتوں سے رشوت مانگے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین نور عالم خان کی صدارت میں ہوا، جس میں انہوں نے آڈٹ حکام کی جانب سے محکموں اور وزارتوں کے افسران سے رشوت مانگنے کا انکشاف کیا ہے۔ پی اے سی نے آڈٹ حکام کی جانب سے رشوت لینے کے (بقیہ 15 صفحہ 03 پر)

سندھ: بلاول بھٹو زرداری، فریال تالپور، سردار محمد یعقوب خان، سردار جاوید ایوب کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

بھارت سے مظالم کا حساب ضرور لیا جائیگا، قمر زمان کائرہ

وہ دن دور نہیں جب کشمیریوں کی تحریک آزادی کامیاب ہوگی، خطاب

اسلام آباد (کے این این) وزیر اعظم کے مشیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ بھارت سے مقبوضہ کشمیر میں بھی کیے جانیوالے مظالم کا حساب ضرور لیا جائیگا، وہ دن دور نہیں جب کشمیریوں کی تحریک آزادی کامیاب ہوگی، بلاول بھٹو زرداری نے اقوام متحدہ سمیت دنیا کے ہر فورم پر مسئلہ کشمیر کو اجاگر کیا اور بھارت کا گھناونا چہرہ بے نقاب کیا ہے، عمران خان نے امریکا اور (بقیہ 14 صفحہ 03 پر)

ڈاکٹر محمد حیات کو ڈائریکٹر سی ڈی سی تعینات کرنے کا فیصلہ

سمری ارسال، وہ مختلف مقامات پر خدمات انجام دے چکے ہیں

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) محکمہ صحت آزاد کشمیر کے ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈی ایچ او سردار محمد حیات خان کو جنوری کے پہلے ہفتہ میں ڈائریکٹر سی ڈی سی آزاد کشمیر کرنے کا فیصلہ، اس حوالے سے سمری اعلیٰ حکام کو ارسال کر دی گئی ہے، ڈاکٹر سردار محمد حیات خان ڈی ایچ او پلندری، ڈی ایچ او (بقیہ 13 صفحہ 03 پر)

عام انتخابات میں پیپلز پارٹی لینڈ سلائیڈ وکٹری حاصل کرے گی

ذوالفقار بھٹو نے پارٹی کی بنیاد ہی مسئلہ کشمیر پر رکھی تھی، یوسف رضا گیلانی

ملتان (دھرتی نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سابق وزیر اعظم مخدوم سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان کے عام انتخابات میں پیپلز پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں لینڈ سلائیڈ وکٹری حاصل کر کے عوامی راج قائم کرے گی اور بلاول بھٹو زرداری ملک کے وزیر اعظم منتخب ہو کر شہداء جمہوریت کا ادھورا مشن مکمل کریں گے۔ وفاقی وزیر خارجہ کے منصب (بقیہ 12 صفحہ 03 پر)

ملتان: سابق وزیر اعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی سے شوکت جاوید و دیگر کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو۔

ڈالر مزید مہنگا ہو گیا، سٹاک مارکیٹ میں مندی کا رجحان

ڈالر 35 پیسے مہنگا ہونے کے بعد 226 روپے 50 پیسے کا ہو گیا

کراچی (صباح نیوز) ڈالر مزید مہنگا ہو گیا، سٹاک مارکیٹ میں مندی کا رجحان رہا۔ پاکستانی روپے کے مقابلے میں امریکی ڈالر کے مہنگا ہونے کا سفر تا حال جاری ہے۔ بدھ کے روز کاروبار کے آغاز میں بھی ڈالر مزید مہنگا ہوا ہے۔ انٹر بینک میں ڈالر 35 پیسے مہنگا ہونے کے بعد 226 روپے 50 پیسے کا ہو گیا۔ پاکستان سٹاک ایکسچینج میں کاروبار کا منفی آغاز ہوا۔ پاکستان سٹاک (بقیہ 11 صفحہ 03 پر)

تھرکول واٹر پراجیکٹ میں ایک ارب 29 کروڑ روپے بے ضابطگیوں کا انکشاف

کراچی (صباح نیوز) نیب نے تھرکول واٹر پراجیکٹ میں ایک ارب 29 کروڑ روپے بے ضابطگیوں کا انکشاف کیا ہے جس کی تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا۔ نیب حکام نے (بقیہ 05 صفحہ 03 پر)

استعفوں کی منظوری، پی ٹی آئی ارکان کو ایک ایک کر کے آنا ہوگا، راجا پرویز اشرف

اسلام آباد (دھرتی نیوز) قومی اسمبلی کے اسپیکر راجا پرویز اشرف نے کہا ہے کہ استعفوں کی منظوری کے لیے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے ارکان کو ایک ایک کر کے آنا ہوگا۔ اسپیکر قومی اسمبلی راجا پرویز اشرف نے اسلام آباد (بقیہ 07 صفحہ 03 پر)

تلہ گنگ کو ضلع کا درجہ دے کر اپنا وعدہ پورا کر دیا، پرویز الٰہی

لاہور (صباح نیوز) وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ تلہ گنگ کو ضلع کا درجہ دے کر اپنا وعدہ پورا کر دیا۔ بدھ کو (بقیہ 08 صفحہ 03 پر)

آزاد کشمیر میں پنجاب کی طرز پر وہیکل انسپکشن اینڈ سرٹیفکیشن سسٹم قائم کرنے کا فیصلہ

ڈویژنل سطح پر وی آئی سی ایس سٹیشن قائم ہوں گے تا کہ گاڑیوں کی جدید طرز پر فٹنس کو یقینی بنانے کے علاوہ حادثات میں بھی کمی لائی جا سکے

پبلک سروس گاڑیوں میں اوور لوڈنگ کے خاتمے کے لیے قانون سازی کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، سیکرٹری ٹرانسپورٹ اتھارٹی

مظفرآباد (دھرتی نیوز) آزاد کشمیر میں صوبہ پنجاب کی طرز پر گاڑیوں کی فٹنس چیکنگ کے لیے (VICS) کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے، ڈویژنل سطح پر (VICS) سٹیشن قائم ہوں گے تا کہ گاڑیوں کی جدید طرز پر فٹنس کو یقینی بنانے کے علاوہ حادثات میں بھی کمی لائی جا سکے۔ ان خیالات (بقیہ 21 صفحہ 03 پر)

ایک سیاستدان پیدا کیا گیا جو ملک کے گلے پڑا ہے، وزیر داخلہ

ملکی سیاست میں عمران خان کا وجود باقی رہنے تک لڑائی ختم نہیں ہو سکتی

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے چیئرمین تحریک انصاف پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک ملکی سیاست میں عمران خان کا وجود ہے تو لڑائی ختم نہیں (بقیہ 22 صفحہ 03 پر)

تعمیر و ترقی کے حکومتی دعوے اپنی جگہ لیکن عملی طور پر ترقی کا پہیہ جام ہے ڈاکٹر خالد

حکومت سیز فائر لائن کے ملحقہ علاقوں پر خصوصی توجہ دے یہاں کے رہنے والے بلاتنخواہ سپاہی کا کردار ادا کر رہے ہیں

حکومت فوری طور پر بلدیاتی اداروں کو وسائل اور اختیارات منتقل کرے تا کہ تعمیر و ترقی کا عمل شروع ہو سکے، امیر جماعت اسلامی

عباس پور (پ ر) جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر کے امیر ڈاکٹر خالد محمود خان نے کہا ہے کہ ریاست میں تعمیر و ترقی کے حکومتی دعوے اپنی جگہ لیکن عملی طور پر تعمیر و ترقی کا پہیہ جام ہے، طویل عرصے کے بعد بلدیاتی انتخابات کا مرحلہ احسن انداز سے مکمل ہوا جو خوش آئند ہے حکومت فوری طور پر بلدیاتی اداروں کو وسائل اور اختیارات منتقل کرے تا کہ تعمیر و ترقی کا عمل شروع ہو سکے محض بلدیاتی انتخابات کافی نہیں ہیں جب تک ان اداروں کو فعال بااختیار اور باوسائل نہ بنایا جائے، حکومت سیز فائر لائن کے ملحقہ علاقوں پر خصوصی توجہ دے یہاں کے رہنے والے بلاتنخواہ سپاہی کا کردار ادا کر رہے ہیں، ان (بقیہ 23 صفحہ 03 پر)

صدر مسلم کانفرنس سردار عتیق کا دورہ لاہور، تقریبات میں شرکت

مسئلہ کشمیر حل نہ ہونے سے جنوبی ایشیاء تباہی کے دھانے پر کھڑا ہے، گفتگو

مظفرآباد/ لاہور (دھرتی نیوز) آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے صدر اور سابق وزیر اعظم سردار عتیق احمد خان کا دورہ لاہور، مختلف تقریبات میں شرکت۔ جگہ جگہ کشمیری کمیونٹی نے صدر مسلم کانفرنس کا استقبال کیا۔ سردار عتیق احمد خان نے گزشتہ روز فالکن کلب میں پاکستان (بقیہ 24 صفحہ 03 پر)

دنیا کے آلودہ ترین شہریوں میں لاہور چوتھے، کراچی چھٹے نمبر پر

لاہور (صباح نیوز) دنیا کے آلودہ ترین شہریوں میں لاہور چوتھے اور کراچی چھٹے نمبر پر رہا۔ محکمہ موسمیات کی رپورٹ کے مطابق لاہور میں ایک بار پھر سموگ نے ڈیرے ڈال لئے۔ ایئر (بقیہ 25 صفحہ 03 پر)

لاہور: صدر مسلم کانفرنس سردار عتیق احمد خان لاہور میں مسلم لیگ نواز کے مرکزی رہنما چوہدری نعیم کریم کے بھتیجے کی دعوت ولیمہ میں شریک ہیں۔

پی ٹی آئی حکومت ہر شعبے میں بری طرح ناکام ہے فاروق حیدر

ڈیڑھ سال کی کارکردگی ہمارے دور کا ایک پیدل پل مکمل کرنا ہے، گفتگو

اسلام آباد (کے این این) سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر راجہ محمد فاروق حیدر خان نے کہا ہے کہ اسلام آباد سے انسٹال کی جانے والی پی ٹی آئی کی حکومت ہر شعبے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے پی ٹی آئی کی حکومت نے ایک سال صرف ہمارے ترقیاتی منصوبے روکنے پر لگایا ڈیڑھ (بقیہ 26 صفحہ 03 پر)

پرانے ڈیزائن کے متروکہ نوٹوں کی تبدیلی، 31 دسمبر آخری تاریخ مقرر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت کی جانب سے نوٹیفکیشن کے ذریعے 10، 50، 100 اور 1000 روپے کے پرانے (بقیہ 27 صفحہ 03 پر)

چین میں کورونا وائرس کی نئی لہر، ہسپتال اور مردہ خانے بھر گئے

نئی شکل کا ویریئنٹ تیزی سے دیگر ممالک میں بھی پھیل رہا ہے، رپورٹ

بیجنگ (صباح نیوز) چین میں کورونا کی نئی لہر میں اسپتال اور مردہ خانوں میں رش بڑھ گیا، وبا کے متاثرین کو طویل انتظار کی کوفت سے گزرنا پڑ رہا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق چین میں کورونا کی نئی لہر نے ہنگامی صورت حال پیدا کر دی۔ یومیہ کیسز میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے (بقیہ 29 صفحہ 03 پر)

منسوخ شدہ پرائز بانڈز کو نقد کرانے کی آخری تاریخ

اسلام آباد (دھرتی نیوز) وفاقی حکومت نے عوام الناس کی سہولت کے لیے 7,500 روپے، 15,000 روپے، 25,000 روپے اور 40,000 روپے مالیت کے پرائز بانڈز کا تبادلہ (بقیہ 28 صفحہ 03 پر)

جامعہ پونچھ میڈیکل لیب ٹیکنالوجی کا شعبہ پیتھالوجی کا قیام سوالیہ نشان حکام سے نوٹس کا مطالبہ

شعبہ پیتھو بائیالوجی کا مستقبل خطرات سے دوچار، تحفظات کے باعث انتظامیہ نے اس شعبہ کو نئے داخلہ جات سے روک دیا

یہ شعبہ ڈی وی ایم فیکلٹی میں قائم کیا گیا تھا، جس پر طلباء و طالبات کے علاوہ والدین اور تعلیمی حلقوں میں شدید تشویش موجود ہے

جس شعبہ میں جانوروں کے علاج کے متعلق پڑھایا جاتا ہے اسی شعبہ میں انسانوں کی صحت سے متعلق تعلیم کیسے دی جا سکتی ہے

ڈگری کی حیثیت کیا ہوگی اور اسے کس حد تک تسلیم کیا جائے گا، اس شعبہ کو ہیلتھ سائنسز میں منتقل کیا جائے، عوامی حلقوں کا مطالبہ

ہمارے پاس بہترین لیبارٹریز ہیں اور ماہر اساتذہ ہیں جبکہ ہیلتھ سائنسز والوں کے پاس متعلقہ اساتذہ موجود نہیں، ایچ او ڈی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ میں میڈیکل لیب ٹیکنالوجی کا شعبہ پیتھو بائیالوجی کا مستقبل خطرات سے دوچار ہو گیا، تحفظات کے باعث جامعہ کی انتظامیہ نے اس شعبہ کو رواں سیشن میں نئے داخلہ جات سے روک دیا، اس شعبہ میں دو سمسٹر پڑھنے والے طلباء و طالبات کا تعلیمی کیریئر بھی داؤ پر لگ گیا، یہ شعبہ ڈی وی ایم فیکلٹی میں قائم کیا گیا تھا، جس پر طلباء و طالبات کے علاوہ ان کے والدین اور تعلیمی حلقوں میں شدید تشویش پائی (بقیہ 30 صفحہ 03 پر)

ایڈیٹوریل

Editorial

ملک کو مسائل سے نکالنے کے لیے جاندار فیصلے کریں۔!

تسکین

محمد حیات خان ایڈووکیٹ

یہ بات اب روز روشن کی طرح ہر عام وخاص پر واضح ہے کہ پاکستان کی اس وقت کی ساری سیاسی قیادت کو ملکی مسائل سے قطعاً کوئی غرض و پرواہ نہیں۔ یہ صرف وصرف اقتدار چاہتے ہیں۔ جہاں ہر جائز و ناجائز طریقہ اور ذریعہ استعمال کر کے غریب عوام کا خون نچوڑ کر اپنے لیے دولت کے انبار لگائیں۔ جس کا یہ سب لیڈرز اور جماعتیں ثبوت دے چکیں اور دے رہی ہیں۔ اگر اجمالی جائزہ لیا جائے۔ تو یہ حقیقت ہے کہ زرداری کی بیرون ملک درجنوں کمپنیاں ہیں۔ اسی طرح شریف خاندان کے بیرون ملک اربوں کے اثاثے ہیں۔ عمران خان پوری دنیا کے واحد کرکٹ کے کھلاڑی ہیں۔ کہ جنہوں نے پاکستان میں اپنی اربوں کی جائیداد بنائی، جماعت بنا کر اسے بڑے طمطراق سے چلایا۔ جس کے جلسوں پر کروڑوں کے اخراجات اٹھتے ہیں۔ اقتدار میں آئے تو کچھ وقت کے بعد ۵ لاکھ ٹیکس دیا مگر چار سال میں ایسا جادو چلا کہ بغیر کوئی کام کیے ۹۰ لاکھ کا ٹیکس دیا۔ اور اربوں کے توشہ خانہ سے کمائی گئی رقوم کا کوئی حساب نہیں۔ ایک جماعت اسلامی کو چھوڑ کر یہ پاکستانی سیاست دان دولت کمانے اور بنانے کے لیے پاکستانی سیاست میں آتے ہیں۔ جبکہ ایک دن بھی اقتدار سے باہر رہنا ان کے لیے قیامت سے کم نہیں ہوتا۔ جیسے عمران خان اقتدار کے بغیر مائی بے آب کی طرح تڑپتے ہیں۔ اس سے اندازہ لگا لیجئے کہ کیا پاکستان کی کوئی ایک جماعت بھی کسی بھی وقت ملکی مسائل کے حال کا کوئی پروگرام بتاتی یا روڈ میپ دیکھاتی ہے۔ نہیں۔ حکومت ہو یا اپوزیشن ان کو صرف اسلام آباد کا اقتدار دیں۔ تا کہ جی بھی کر لوٹ مار کر کے اسے قانونی تحفظ دے سکیں۔ پاکستانی عوام کو ان بہروپیوں کو پہچاننا چاہیے۔ یہ جو ہم نعرے لگاتے ہیں یہ سب فراڈ اور دھوکہ ہے۔ عوام کا ہمدرد اور غمگسار کوئی نہیں۔ موجودہ حکومت الیکشن سے راہ فرار اس لیے اختیار کر رہی ہے کہ قانونی معاملات حل کر کے اپنے خلاف کیسز کو ختم کرایا جاسکے۔ اور عمران خان حکومت کو ایک دن کی مہلت اس لیے نہیں دینا چاہتے کہ توشہ خانہ، فارن فنڈنگ جس میں کرپشن ظاہر اور باہر ہے، ۱۹ کروڑ پاؤنڈ جو پاکستان کے قومی خزانے میں آنی تھی۔ تیسرے شخص کو دے گئے۔ اور بہت سارے دوسرے سکینڈلز جن کے فیصلے ہونا باقی ہیں۔ (یہ فیصلے ہو جانے چاہیے تھے مگر عمران خان لاڈلے ہیں۔ انہیں چھوٹ مل جاتی ہے۔ اور وقت بھی۔)۔۔۔ پہلے جنرل باجوہ، جنرل پاشا، جنرل ظہیرالدین اور جنرل فیض نے فیض یاب کیا۔ ورنہ ۲۰۱۸ء میں ۳۰ سے ۳۵ سیٹیں تھیں۔ مگر اب جنرل باجوہ کو اپنا دشمن نمبر ایک کہہ رہے ہیں۔ جوان کی عادت اور فطرت ہے، وہی کریں گے۔ تو کہنا یہ ہے کہ کیا پاکستان کی کوئی بھی جماعت ان مشکل حالات میں ملک کو اس دلدل سے نکالنے کا کوئی حل بتا رہی ہے۔ کہ میڈیا ٹاکس ہوں، پرنٹ میڈیا ہو، جلسہ جلوس ہو، زیادہ پریس کانفرنسیں ہوتی ہیں، ان پریس کانفرنسوں میں کوئی ملکی معاملات کے حل کی تجویز، کوئی روڈ میپ، نہیں۔ بالکل نہیں۔ بس ایک ہی راگ ہے کہ الیکشن جلدی کراؤ، اور دوسرا فریق کہتا ہے۔ نہیں الیکشن وقت پر ہوں گے۔ شہباز شریف تعمیر و ترقی کے ماسٹر اور اسحاق ڈار معشیت کے جادوگر، آج تک کچھ بھی نا کر سکے۔ اور عمران خان نئے الیکشن کے بعد انہی افلاطونوں اسد عمر، حماد اظہر، شہزاد اکبر، ڈھانڈورا پیٹنے والے فواد اور گالم گلوچ کے چمپین فیاض چوہان۔ یہ الیکشن میں جیت کر آ کر ڈوبتی نیا کو پار لگائیں گے۔؟ یہ ملک کے ساتھ یقیناً ایک مذاق ہے۔ جو حسب سابق حکومت میں آ کر وہی کمال کریں گے جو چار سال میں کر کے گئے تھے۔ اس موجودہ قیادت سے کچھ بہتری کی امید رکھنا اپنے آپ کو دھوکہ دینے کے مترادف ہے۔ کہ ان میں صلاحیت بھی نہیں۔ ایک انجنیئر سے جراحی کرانے سے مریض کو زندہ در گور کریں گے۔ ایک شخص جو کرکٹ کا کھلاڑی تو ہو سکتا ہے مگر اسے ملک حوالے کر دینا عقلمندی نہیں۔ اور چار سال تجربہ بھی کر لیا۔ جذبات نہیں بلکہ ہوش و عقل سے کام لے کر ملک میں ایک بہتر قیادت کی ضرورت ہے۔

۔۔۔۔ ملک میں الیکشن تین ماہ کے بعد ہوں، چھ ماہ کے بعد ہوں یا نو ماہ بعد۔ اگر پی ٹی آئی کی حکومت برسر اقتدار آتی ہے تو انہوں نے ایک کیسٹ ریکارڈ کر کے ہر چوک چوراہے میں ہر مذاکرے مباحثے میں، ہر پریس کانفرنس میں اور ہر تقریر میں وہ کیسٹ چلا دینی ہے کہ چور ڈاکو کھا گئے، لوٹ گئے، فرار ہو گئے، ہم کیا کریں، ملک دیوالیہ ہو گیا۔ نالائق چلے گئے، ہم بے بس ہیں۔ اور اسی پرانی ٹیم کے ساتھ وہی کچھ جاری رکھیں گے جو گذشتہ چار سال کرتے رہے۔ اور موجودہ حکومت کوئی بڑا اسٹیپ اس لیے نہیں اٹھاتی کہ کل عوام میں جائیں گے تو عوام میں پذیرائی نہیں ہو گی۔ اب ان لیڈروں کے پاس ایک ہی طریقہ اور حربہ ہے کہ پیٹرول، ڈیزل، گیس کی قیمتیں بڑھاتے جائیں۔ نواز شریف کے وقت میں پیٹرول ۸۰ روپے تھا عمران خان نے آ کر ۱۵۰ روپے اور اتحادی حکومت نے ڈھائی سو روپے کر دیا اور کہا کہ مشکل فیصلے کر رہے ہیں۔ اور جو اصل کام کرنے کے ہیں ادھر دھیان ہی نہیں دیتے۔ کہ ووٹ بنک متاثر ہوتا ہے۔ ان کا ووٹ بنک متاثر نا ہو۔ لیکن اگر غریب مرتا ہے تو مرے۔ اگر یہ لیڈرز ملک کو معاشی بحران سے نکالنے چاہتے ہیں۔ تو کچھ جاندار فیصلے کریں۔ عمران خان کی طرف نا دیکھیں۔ وہ تو اب پاکستان کی ایجنسی آئی ایس آئی سے کہہ رہے ہیں کہ الیکشن کرائیں دوسرے معنوں میں کہ جس طرح پہلے اقتدار دیا تھا ویسے ہی اب بھی مہربانی کریں۔

۔۔۔۔ ملک کے کسی بھی صوبے میں نام کی حکومت نہیں۔ سندھ میں حالات پہلے سے بھی دگرگوں ہیں۔ مگر وہ اب بھی بھٹو کے شیدائی ہیں۔ بلوچستان میں تو جب چاہا راتوں رات حکومتیں بدل گئی۔ کے پی کے میں رشوت زوروں پر اور اکثریتی حکومت دن اور رات عمران خان کو اقتدار میں لانے کے لئے بیتاب اور کمر کسی ہوئی کہ کب عمران خان حکم کریں کہ اسلام آبا دکو تیعہ و تیغ کریں۔ بارڈر پر روزانہ اربوں کی سمگلنگ ہوتی ہے مگر صوبائی حکومت نے آنکھوں پر پٹی باندھی ہے۔ اب لا اینڈ آرڈر کا مسلہ بھی دن بدن بڑھ رہا ہے مگر انہیں کسی بھی چیز سے سوائے عمران خان کو اقتدار میں لانے کے کچھ نہیں سوجھتا۔ اور پنجاب کی حکومت کہ مشرف دور میں یہی پرویز الہیٰ ایک اچھے ایڈمنسٹیٹر ثابت ہوئے مگر آج کل صرف اور صرف عمران کے ایجنڈے پر کام کر رہے ہیں کہ اقتدار تک پہنچنے کا یہی ذریعہ ہے۔ لا اینڈ آرڈر کی حالت اچھی نہیں۔ تاجر کنٹرول سے باہر ہیں۔ تیل کی قیمتیں کم ہو رہی ہیں مگر پنجاب میں ہر دوسرے تیسرے دن تاجر اور دکاندار قیمتیں مرضی سے بڑھا رہے ہیں۔ بڑے بازاروں میں ریڑھی والوں اور تھڑے والوں نے بیچ سڑکوں کے بازار لگا رکھے ہیں۔ بلدیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹیوں کی چاندی ہے۔ کہ رشوت لے کر خود یہ سب کاروبار کرا رہے ہیں۔ کوئی محکمہ کام نہیں کرتا۔ اسلام آباد کا ایک پٹواری ایک فرد دینے کے ہزاروں روپے لیتا ہے اور وہ بھی ہفتے کے بعد فرد ملتا ہے۔ رجسٹرار آفیس میں ایک رجسٹری پر ایک ماہ لگتا ہے وہ بھی پیسے کے بغیر کام نہیں ہوتا۔ کسی بھی محکمے میں جائیں۔ پہلی بات کہ اہل کار اپنی سیٹ پر نہیں ملے گا اگر ملے گا تو کسی ذریعے سے۔ ان معاملات کو کون دیکھے۔ صوبے کا وزیر اعلی دن اور رات اپنی کرسی بچانے اور آئندہ انتخابات میں کچھ سیٹوں کی ایڈجسٹمنٹ کے چکر میں ہے۔ ایسے میں غریب کہاں جائے۔ کوئی پرسان حال نہیں۔ حکومت اپنے بچاؤ میں اور عمران خان اٹھتے بیٹھتے سوتے جاگتے الیکشن مانگتے ہیں۔ اور کس کو ساتھ لے کر گورن کریں گے، اسد عمر اور فواد چوہدری۔ اللہ ملک پر کرم کرے۔

۔۔۔۔ اس لیے ملکی سیاسی قیادت کو سمجھ جانا چاہئے کہ ملک ہو گا تو حکومت بھی کرو گے۔ اور کھاؤ پیو گے عیاشیاں کرو گے۔ لہذا اب بھی دیر نہیں ہوئی۔ صدق دل سے سوچ سمجھ کر بہتر فیصلے کریں۔ پاکستانی عوام قبول کرے گی۔ وہ یہ کہ۔۔۔ سب سے پہلے مرکز اور صوبوں میں جو وزراء اور مشیروں کی فوج ظفر موج ہے اس کو کم کریں۔ مرکز میں ۷۸ کی جگہ بیس سے پچیس وزراء اور مشیروں سے کام لیں۔ انہیں جو سہولتیں دے رکھی ہیں انہیں کم کریں۔ صرف ایک پیٹرول اور تیل کی قیمتیں بڑھانے پر ہی زور نا دیں۔ خو دبھی قربانی دیں۔ جن شخصیات کی کئی لاکھوں میں تنخواہیں ہیں انہیں الاؤسنز دینا بند کریں۔ ہمارے ملازمین پر پیٹرول، گیس، بجلی کے بلز، ٹی اے ڈی اے، ادویات کے بلز یہ کل ملا کر اربوں میں ہوتے ہیں۔ انہیں کم از کم کریں۔ سب سے بڑا نقصان بجلی و گیس کی چوری سے ہوتا ہے۔ جو بڑے بڑوں کے گھروں میں استعمال ہوتی ہے۔ اور وہ بلز نہیں دیتے اور بوجھ بے چارے عام صارفین پر پڑتا ہے۔ اور یہ چوری کئی کروڑوں میں ماہوار ہوتی ہے۔ لائین لاسسز نام کی چیز ہے۔ یہ حکومت کی ناک کے نیچے چوری ہوتی ہے۔ اسے بند کرنے کا بھی انتظام ہو سکتا ہے مگر کوئی بھی حکومت انہیں ناراض نہیں کرتی۔۔۔۔ پھر سب سے بڑا خسارہ ریلوے، پی آئی اے اور سٹیل مل میں ہوتا ہے۔ امریکہ جیسے ملک میں جہاں کوئی ادارہ خسارے میں ہو تو اسے فروخت کیا جاتا ہے یا پرائیوٹائز کر دیا جاتا ہے۔ مگر یہ کیا ملک دشمنی ہے کہ سالانہ اربوں کا خسارہ ہو رہا ہے اور پھر بھی اس سے جان نہیں چھوڑائی جاتی۔ یہ ملک کے ساتھ بڑی زیادتی ہے۔ مرکزی یا صوبائی حکومت کے وزراء گلگت بلتستان اور سکردو نہیں جاتے انہیں پراڈو اور ویگو گاڑیاں کیوں دے رکھی ہیں۔ بلکہ ان کے ساتھ ساتھ کئی گاڑیاں معہ ڈرائیورز ملازمین کے بچوں اور بیگمات کے استعمال میں ہوتی ہیں۔ کیا کسی مہذب ملک میں ایسے ہوتا ہے۔؟ نہیں۔ ملکی حالات کے پیش نظران سے یہ بڑی گاڑیاں لے کر چھوٹی گاڑیاں دی جائیں۔ چہ جائیکہ ایک ڈیفالٹ ملک کے حکمران اور بیوروکریٹس ملکی وسائل پر عیاشیاں کریں۔ یہ ظلم و زیادتی نہیں تو کیا ہے۔؟ ملک میں کچھ ایسے محکمے بھی ہیں جو خزانے پر بوجھ ہیں۔ ان کے ملازمین کام بالکل نہیں کرتے۔ مثلاً پرائس کنٹرول کمیٹیاں کس مقصد کے لیے ہیں۔؟ یہ دکانداروں سے بھتہ لیتی ہیں۔ اور اپنا کام سرے سے نہیں کرتی۔ پولیس کے ملازمین میں سے پچاس فیصد یا زیادہ ہمارے قومی لیڈروں کے پہرے اور پروٹیکشن کے لیے وقف ہیں۔ وزیر اعظم صدر یا وزراء ایک جگہ سے دوسری جگہ جائیں تو کئی لاکھوں کے اخراجات اٹھتے ہیں کہ ان کے ساتھ کئی کئی ویگو اور ہوٹر والی گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں ان کی شان بڑھانے کے لیے آگے پیچھے دوڑتی ہیں۔ ہمارے شہنشاہ یہ دیکھیں کہ کیا انہوں نے مغربی ملکوں میں گیٹ کیپر، چپراسی یا اہل کار جو فائل ایک دفتر سے دوسرے میں دے۔ دیکھا ہے۔ کیا وہ ہم سے کمتر ہیں نہیں بلکہ ہم کم سمجھ اور نفسیاتی مریض ہیں۔ جو اپنا کر و فر دیکھانے کے لیے صاحب گاڑی کا خود دروازہ نہیں کھولتا اور ڈرائیور بڑھ کر پہلے سلیوٹ کرتا اور دروازہ کھول کر ظل سبحانی کو بٹھاتا ہے۔ جیسے یہ سب صاحب فالج زدہ ہوں۔ ایسے فالج زدہ جیسے ہماری معشیت فالج زدہ ہے۔ جب تک ہم قومی سطح پر نہیں سوچیں گے۔ اگر قارون کا خزانہ بھی آ جائے تو حالات نہیں سدھر سکتے۔ بیشک یہ حکومت ہو یا عمران خان کو ہی تخت پر بیٹھا دیں۔ جب ہر طبقہ، ہر ادارہ اور ہر شخص ملک کو لوٹنے کے چکر میں ہو تو ملک کیسے سدھرے۔؟ اس لیے ضروری ہے کہ کہ ہمارے حکمران یہ ناٹک بند کریں۔ ملک میں ہنگامی بنیادوں پر اصلاحات کریں۔ یہ صرف بجلی، گیس اور پیٹرول کی قیمتیں بڑھانے سے اتنے خسارے کو کم نہیں کیا جا سکتا۔ اللہ پاک ملک کو بہتر قیادت دے۔ جو خود کا ہی نہیں کچھ نا کچھ ملک و قوم کا بھی سوچیں۔ آمین۔ ثم آمین

ہندوستان میں تیزی سے بڑتی ہوئی انتہا پسندی۔۔۔۔عالمی امن کے لیے خطرہ

صبح نو

راجہ ذاکر خان

finduspk@yahoo.com

ہندوستان سرکاری سرپرستی میں دہشت گردی کی آماجگاہ اور انتہا پسندی کی پناہ گاہ بن چکا ہے، فاشسٹ نریندر مودی تیزی کے ساتھ ہندوستان کے سماج اور معاشرے کو انتہا پسند بنا رہا ہے، ہندوستان میں بڑے پیمانے پر نوجوانوں کی عسکری اور نظریاتی انتہا پسندی کی تربیت جاری ہے تا کہ وہ انتہا پسند ہندوؤں کے علاوہ کسی اور مذہب کے فرد کو قبول نہ کریں، ہندوستان کا سماج پہلے ہی ذات پات میں بری طرح منقسم تھا اب مودی نے اس عمل کو چار چاند لگا دیے ہیں۔ ہندوستان میں بڑتی ہوئی انتہا پسندی اور دہشت گردی پوری دنیا کے امن کے لیے خطرہ بن رہی ہے۔

ہندوستان کی کانگریسی قیادت نے کمال مہارت کے ساتھ دنیا کو یہ باور کرایا کہ ہندوستان جمہوری اور سیکولر ملک ہے، نام نہاد جمہوری اور سیکولر ملک کا لبادہ اوڑھ کر اسلامی اور مغربی ممالک سے خوب مفادات حاصل کیے، ہندوستان کی معیشت کا 70 فیصد دارومدار اسلامی ممالک پر ہے جبکہ 20 فیصد مغربی ممالک پر ہے۔ اسلامی ممالک اگر ہندوستان کی مین پاور نکال دیں اور ہندوستان کا معاشی بائیکاٹ کر دیں ہندوستان کی معیشت دھڑام سے گر سکتی ہے۔

فاشسٹ نریندر مودی نے اقتدار میں آکر ہندوستان کا اصل چہرے دنیا کو دیکھا دیا ہے، جمہوریت اور سیکولرازم کی کوئی چیز ہندوستان میں دیکھائی نہیں دے رہی ہے، ہندوستان کے ایوانوں سے لے کر نیچے گلی محلوں تک ایک ہی آواز ہے کہ ہند ہندی ہندوستان، ہندوستان میں رہنا ہے تو ہندو بن کر رہنا ہے۔ ار ایس ایس ایجنڈے اور ہندوتوا نظریات کو سرکاری سرپرستی میں آگے بڑھایا جا رہا ہے۔

اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل نے حالیہ رپورٹ میں واضح طور لکھا ہے کہ ہندوستان کے اندر مسلمان تو پہلے ہی مظالم کا شکار تھے اب ہندوستان کے اندر کوئی اقلیت محفوظ نہیں ہے، نریندر مودی نے جو نظریات اور خیالات پروان چڑھا دیے ہیں اگر دنیا نے ان کا نوٹس نہ لیا تو دنیا ایک تیسری عالمگیر جنگ کی لپیٹ میں آجائے گی جس کے نتیجے میں کروڑوں انسانی لقمہ اجل بن جائیں گے۔

نریندر مودی کی قیادت میں ہندوستانی سماج زمانہ جاہلیت کا منظر پیش کر رہا ہے، ایوانوں میں ایسے قوانین بن رہے ہیں جو شاہد زمانہ جاہلیت میں بھی نہیں بنے ہوں گے، بنیادی انسانی حقوق پامال کیے جا رہے ہیں، مذہبی آزادی چھینی جا رہی ہے، حجاب پر پابندی لگا دی گئی ہے نکاح اور طلاق کے قوانین بدلے جا رہے ہیں، مساجد میں جانے والوں پر تشدد کیا جا رہا ہے ہندوستان کے ان ظالمانہ قوانین کے خلاف احتجاج کرنے والوں کے گھروں کو مسمار کیا جا رہا ہے، مسلمان طلبہ کو جامعات، کالجز اور سکولز میں جانے سے روکا جا رہا ہے، اگر افغانستان میں طالبات اس طرح کی کوئی حرکت کریں تو دنیا چیخ اٹھتی ہے مگر ہندوستان کا انتہا پسند مودی اس طرح کا اقدام کرے تو دنیا چپ سادھ لیتی ہے۔ یہی وہ دہرا معیار ہے۔ جس کی وجہ سے دنیا امن کا گہوارہ بنے کی بجائے بدامنی کا مرکز بن چکی ہے۔

ہندوتوا اور صیہونی نظریات نے اپنے غلبے کے لیے دنیا کے امن کو تباہ و برباد کر دیا ہے، 1897 میں صیہونی تحریک برپا کی گئی کہ دنیا میں یہودیوں کے لیے ریاست حاصل کرنی ہے، صیہونیت کا پرچار کیا گیا ہر جائز اور ناجائز طریقے سے دنیا بھر سے یہودیوں کو لا کر فلسطین میں بسایا گیا اور فلسطینیوں کو اپنے گھروں اور زمین سے محروم کر کے اسرائیل قائم کیا گیا، جو دنیا میں دہشت گردی پھیلانے والی ناجائز ریاست ہے۔

1923 میں آر ایس ایس قائم کی گئی جس نے ہندوتوا نظریات اور انتہا پسندی کا آغاز کیا۔ بی جے پی دراصل آر ایس ایس کا سیاسی ونگ ہے جو آر ایس ایس کے ایجنڈے کو آگے بڑھا رہا ہے۔ ہندوتوا وہ نظریات ہیں جن کے تحت ہندوستان کے اندر تمام مذاہب کے لوگوں کو جبری طور پر ہندو بنانا ہے جو ہندو مذہب قبول نہیں کرتا اس کو ہندوستان میں رہنے کا کوئی حق نہیں اگرچہ ان کی نسل چھ ہزار سال سے بھی یہاں رہی ہو۔ ایک رپورٹ کے مطابق اس وقت آر ایس ایس کے تربیت یافتہ انتہا پسند افراد کی تعداد 60 لاکھ سے زائد ہے، اس میں مسلسل اضافہ کیا جا رہا ہے، یہ لوگ اس لیے مودی تیار کر رہا ہے تا کہ جب موقع آئے گا قتل عام ان کے ذریعے قتل عام کرایا جائے گا، آر ایس ایس کے یہ غنڈے اب ہندوستان سے باہر نکل کر بھی اپنی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔

ہندوستان کی کل آبادی اس وقت ایک اندازے کے مطابق سو ارب ہے، ہندوستان کے مورخین لکھتے ہیں کہ بہوجن قبیلہ جو چھ ہزار سال قبل یہاں آکر آباد ہوا اس کی نسل دلت کہلاتی ہے جس کی آبادی ان کے مطابق ہندوستان کی کل آبادی کا 70 فیصد ہے، اس قبیلے کے بارے میں لکھا جاتا ہے کہ یہ قبیلہ افریقہ سے آکر آباد ہوا، اس قبیلے کی آبادی کاری کے تین ہزار برس کے بعد آریائی قبیلہ یہاں آکر آباد ہوا جن کو برہمن کہا جاتا ہے، ثابت ہوا کہ بہوجن جن کو دلت کہا جاتا ہے وہ یہاں کے قدیم لوگ ہیں، برہمنوں کے بارے میں مورخین لکھ رہے ہیں کہ یہ قبیلہ ذات پات پر یقین رکھتا تھا اور اپنے ساتھ اپنی خواتین کو اس لیے نہیں لایا کہ وہ خواتین کو مساوی حق دینے کے لیے تیار نہیں تھے۔ ان کی آبادی دلتوں کے مقابلے میں بہت کم ہے۔

ہندوستان کی کل آبادی میں 20 فیصد سے زائد مسلمان ہیں، اس وقت ہندوستان میں مسلمان 25 کروڑ کے قریب ہیں، چار کروڑ سے زائد عیسائی ہیں، اسی طرح دیگر مذاہب کے لوگ بھی یہاں آباد ہیں۔ بہوجن او ر برہمن سمیت دیگر ہندو مذاہب کے لوگوں کو شمار کیا جائے تو ہندوستان میں دوسری بڑی آبادی مسلمانوں کی ہے۔ دلت مسلمان، عیسائیوں اور سکھوں سمیت دیگر مذاہب کے لوگ آبادی کا 98 فیصد سے زائد بنتے ہیں۔ چند فیصد برہمنوں نے ہندوستان کی 98 فیصد آبادی کو غلام بنا رکھا ہے اور ان کو بنیادی حق دینے کے لیے بھی تیار نہیں ہیں برہمن کے خلا ف بغاوت کی جا رہی ہے۔

نریندر مودی کے متعصّبانہ اقدامات کے نتیجے میں ہندوستان میں جہاں انتہا پسندی بڑھ رہی ہے وہاں ہی ہندوستان کے ٹوٹنے کے لیے انکانات بھی پیدا ہو رہے ہیں، اتنا بڑی آبادی کو اگر مودی نے اپنے اقدامات کے ذریعے بغاوت پر اکسا لیا تو ہندوستان ٹوٹ جائے گا، ہندوستان کے ٹوٹنے کا سبب مودی اور بی جے پی بنے گی، کہا جا رہا ہے کہ مودی کے بعد جو فرد ہندوستان کے لیے تیار کیا جا رہا ہے وہ اتر پردیش کا وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ ہے، جس کے بارے میں لکھا جا رہا ہے کہ اس نے اعلان کہ مسلمانوں کی خواتین کو قبروں سے نکال کر ان کی عصمت دری کی جائے۔ اس قماش کا انسان جب ہندوستان کا وزیر اعظم ہو گا تو ہندوستان کو ٹوٹنے سے کوئی نہیں بچا سکتا۔

غربت اور قدرتی آفات کے بچے

مظہر اقبال مظہر (لندن)

غربت اور قدرتی آفات کا بہت گہرا ساتھ ہے۔ غربت قدرتی آفات کی صورت میں اور قدرتی آفات غربت کی صورت میں اپنے بچے دیتی ہیں۔ آفات اور ان کے اثرات کا مشاہدہ کرنے والوں کا خیال ہے کہ غربت قدرتی اور مصنوعی آفات کا ایک محرک بھی ہے اور نتیجہ بھی۔ موسمیاتی تبدیلی اور قدرتی آفات غریبوں کو سب سے زیادہ متاثر کرتی ہیں کیونکہ ان کے پاس وسائل کم ہوتے ہیں۔ تحقیق میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ قدرتی آفات سے غریب سب سے زیادہ نقصان اٹھاتے ہیں۔ ان میں موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کی صلاحیت معاشرے کے خوشحال افراد کی نسبت کم ہوتی ہے۔

سائنٹیفک امریکن کی طرف سے شائع کردہ اعداد و شمار یہ بھی ظاہر کرتے ہیں کہ بڑی قدرتی آفات عدم مساوات کی صورت حال کو مزید خراب کر سکتی ہیں کیونکہ امیر تباہی کے شکار علاقوں سے دور ہو جاتے ہیں جبکہ غریب وسائل کی کمی کی وجہ سے انہی آفت زدہ علاقوں میں زندگی گزارنے پر مجبور ہوتے ہیں۔

کمزور معیشتوں اور غریب انفراسٹرکچر والے ممالک میں، غریب اور کم آمدنی والے لوگ اکثر کمزور اور ناپائیدار میٹیریلز سے تیار کیے ہوئے مکانات میں رہتے ہیں۔ جبکہ غریبوں کی اکثر بستیاں کم ترقی یافتہ علاقوں میں واقع ہوتی ہیں جہاں سڑکوں، ہسپتالوں، اسکولوں اور سرکاری شعبے کی دیگر کئی سہولیات کا معیار بھی کم تر ہوتا ہے۔

کم آمدنی والے افراد کا رہائش کے اعتبار سے خطرناک علاقوں میں رہنے کا امکان زیادہ ہوتا ہے جبکہ وہ خطرے کو کم کرنے کے اقدامات میں سرمایہ کاری کرنے کے قابل بھی نہیں ہوتے ہیں۔ انہیں سرکاری و نجی سطح کی کسی قسم کی پروٹیکشن نہیں ملتی۔ جبکہ انشورنس اور سماجی تحفظ تک رسائی کی عدم دستیابی کا مطلب یہ ہے کہ غربت میں مبتلا لوگ اپنے پہلے سے ہی محدود اثاثوں اور وسائل کو تباہی کے نقصانات کو پورا کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں، جو انہیں مزید غربت کی طرف لے جاتا ہے۔

اس لیے یہ کہنا بجا ہے کہ غربت قدرتی آفات کے خطرے کی ایک وجہ اور نتیجہ ہے۔ اقوام متحدہ کے اداروں کا خیال ہے کہ خشک سالی غربت سے متاثرہ آبادیوں کو سب سے زیادہ متاثر کرتی ہے۔ غریبوں پر قدرتی آفات کے اثرات کئی صورتوں میں نمودار ہوتے ہیں۔ وہ بعض اوقات قیمتی انسانی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ اگر موت کے منہ میں جانے سے بچ جائیں تو آمدنی کے وسائل کے چھوٹنے کا خدشہ بھی رہتا ہے۔ جبکہ نقل مکانی، صحت کی خرابی اور خوراک کی کمی اور عدم تحفظ بھی قدرتی آفات کے قدرتی بچے ہیں۔

اقوام متحدہ کے ادارے آفس فار ڈیزاسٹر ریڈیکشن کا تخمینہ ہے کہ دنیا کی امیر ترین دو فیصد بالغ آبادی 50 فیصد سے زیادہ عالمی دولت کی مالک ہے، جبکہ دنیا کی آبادی کے نچلے 50 فیصد کے پاس عالمی دولت کا ایک فیصد سے بھی کم ہے۔ اقوام متحدہ کے اقتصادی اور سماجی امور کے محکمے کے مطابق 80 فیصد سے زیادہ غربت کا شکار لوگ دیہی علاقوں میں رہتے ہیں۔ بہت سے ترقی پذیر ممالک دیہی آبادی کا ایک بڑا سائز پیش کرتے ہیں۔ دیہی آبادی کا ذریعہ معاش موسمیاتی آفات سے ہونے والے نقصانات کا مقابلہ کرنے کی استطاعت ہی نہیں رکھتا۔ دیہات کے غریب لوگوں میں نقصان برداشت کرنے کی صلاحیت کم ہوتی ہے کیونکہ ان کے پاس فصلوں یا مویشیوں کی آمدنی کے نقصانات کو جذب کرنے کی بہت کم صلاحیت ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ ایک چھوٹا سا نقصان انہیں مزید غربت اور مستقبل کے دیگر کئی خطرات میں ڈال دیتا ہے۔ قدرتی آفات کا لازمی نتیجہ طویل عرصے تک وسائل کے حصول کی اضافی جنگ کی صورت میں سامنے آتا ہے۔

سیلاب سب سے زیادہ تباہ کن قدرتی آفات میں شامل ہیں۔ وہ موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ خشک سالی، طوفان، زلزلے، لینڈ سلائیڈنگ اور برفانی تودے بھی انسانی بستیوں کو بہت زیادہ نقصان پہنچاتے ہیں۔

پاکستان اور بھارت جیسے کئی ممالک اپنے قدرتی محل وقوع کی وجہ سے سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ اور برفانی تودوں وغیرہ مستقل سامنا کرتے رہتے ہیں۔ گزشتہ برسوں کے دوران، قدرتی آفات میں انسانی سرگرمیوں کی وجہ سے ہونے والی موسمیاتی تبدیلیوں اور شدید موسم نے بہت زیادہ اضافہ کیا ہے۔ جبکہ ماہرین ماحولیات کا کہنا ہے کہ یہ سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہے گا۔

اقوام متحدہ کے ادارے ورلڈ میٹرولوجیکل آرگنائزیشن نے کہا ہے کہ بدترین موسمیاتی تبدیلیوں کی علامات اور اثرات جیسے کہ شدید سیلاب، گرمی کی لہروں اور خشک سالی نے لاکھوں افراد کو متاثر کیا ہے اور اربوں ڈالر کا نقصان پہنچایا ہے۔ اس ادارے نے مزید کہا ہے کہ 2022 میں رونما ہونے والے شدید موسمی واقعات نے ایک بار پھر گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے مزید اقدامات کی واضح ضرورت کو اجاگر کیا ہے۔ اس تنظیم نے سماجی ترقی کو موسمیاتی تبدیلیوں کے مطابق ڈھالنے کے لیے اقدامات پر زور دیا ہے، جس میں قدرتی آفات کے لیے پیشگی انتباہی نظام تک عالمی رسائی کو بہتر بنانا بھی شامل ہے۔

اگرچہ 2022 کے لیے عالمی درجہ حرارت کے تفصیلی اعداد و شمار جنوری 2023 کے وسط میں جاری کیے جائیں گے، عالمی موسمیاتی ادارے کا کہنا ہے کہ معلوم انسانی تاریخ میں پچھلے آٹھ سال سب سے زیادہ گرم تھے۔ یہ لگا تار 10 واں سال ہوگا کہ گلوبل وارمنگ میں صنعتی دور سے پہلے کی سطح کے مقابلے میں کم از کم ایک ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہوا ہے اور امکان ہے کہ پیرس معاہدے میں مقرر کردہ 1.5 ڈگری کی حد سے تجاوز کر جائے گا۔

موسمیاتی تبدیلی کے اثرات عام طور پر خشک سالی میں پانی کی قلت یا عدم دستیابی کی صورت میں محسوس کیے جاتے ہیں اور اس میں زیادہ شدید اور بار بار خشک سالی، زیادہ شدید سیلاب اور موسمی بارشیں شامل ہیں۔ موسمیاتی تبدیلیاں گلیشیئرز کے تیزی سے پگھلنے کا سبب بھی بنتی ہیں اور معیشتوں، ماحولیاتی نظام اور زمین پر زندگی کے تمام پہلوؤں پر منفی اثرات مرتب کرتی ہیں۔

موسمیاتی تبدیلی۔۔پاکستان انصاف چاہتا ہے

داستانِ عزم

سردار شاہد احمد لغاری

chairman@prcs.org.pk

رواں برس پاکستان کے موسمیاتی تبدیلی کا شکار ہونے سے ایک برس قبل اقوام متحدہ کی ماحولیاتی تبدیلی کانفرنس 2021 (سی او پی 26) سکاٹ لینڈ کے شہر گلاسکو میں ہوئی تھی جہاں 200 ممالک کے نمائندے اور سربراہان نے یہ برملا اعلان کیا کہ 2030 تک وہ کیا اقدامات لیے جائیں گے جن کی بدولت کرہ ارض کو موسمیاتی تبدیلی کی اثرات سے بچایا جا سکے۔ میں یہ بتاتا چلوں کہ اقوام متحدہ نے 1992 میں ماحولیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے ایک منصوبہ تیار کیا تھا، جسے ''یو این فریم ورک کنونشن آن کلائمٹ چینج'' کا نام دیا گیا۔ اس کے تحت ہر سال رکن ممالک کا اجلاس ہوتا ہے اور اس بات پر غور ہوتا ہے کہ یہ ملک سفارشات پر کس حد تک عمل کر رہے ہیں۔ اس سلسلے کا پہلا اجلاس برلن میں 1995 میں ہوا تھا جس کے بعد یہ اجلاس ہر سال منعقد کیا جاتا ہے۔ ''کوپ '' کا اہم ترین ہدف عالمی تپش میں اضافے کو روکنے کے لیے فضا میں کاربن کی مقدار کو کم رکھنا ہے، جس کے لیے متعدد اقدامات تجویز کیے جاتے ہیں۔ فی الحال دنیا کو اس ہدف کو پورا کرنے میں مشکل کا سامنا ہے۔ ''کانفرنس آف دا پارٹیز'' کوپ کا 27 واں اجلاس مصر کے ساحلی شہر شرم الشیخ میں ہوتا ہے۔ یہاں راقم بھی موجود ہے اور پاکستان کی بھرپور نمائندگی بھی ہے۔ کوپ 27 شرکاء کے مابین کئی معاملات اختلافات کا شکار ہوئے تو کانفرنس کے صدر اور میزبان ملک مصر نے اس کے دورانیے میں ایک دن کی توسیع کر دی تھی۔ خوش آئند بات یہ ہے کہ پاکستان کی انساف کے لئے صدا کو سنا گیا جس کا کریڈٹ نوجوان وزیر خارجہ بلاول بھٹو کے سر جاتا ہے۔ ماحولیاتی تبدیلیوں سے شدید متاثرہ ممالک کے لیے'' مالی تلافی فنڈ'' قائم کرنے کا فیصلہ کی گونج سنائی دی جاتی ہے۔ یہ فنڈ ان ترقی پذیر ممالک کے مالی ازالے کی خاطر قائم کیا جائے گا، جو انتہائی نوعیت کے موسمیاتی حالات اور ماحولیاتی تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔

کانفرنس کے اختتامی اعلامیے میں عالمی درجہ حرارت میں اضافہ کم کرنے کے لیے زہریلی کاربن گیسوں کے اخراج میں کمی پر بھی اتفاق کیا گیا۔ کانفرنس کے اختتامی مرحلے میں شرکاء نے جن دو مرکزی دستاویزات کی منظوری دی، ان میں سے ایک تو اختتامی اعلامیہ تھا اور دوسری ایک ایسے تاریخی معاہدے کی دستاویز، جس کا اہم ترین پہلو ماحولیاتی تبدیلیوں کے باعث ہونے والے نقصانات تھے۔ نئے تلافی فنڈ کے لیے مالی وسائل کی فراہمی اور اس فراہمی کے طریقہ کار سے متعلق ضوابط ایک عبوری کمیٹی طے کرے گی۔ کمیٹی کی سفارشات آئندہ برس (2023) میں ہونے والی عالمی ماحولیاتی کانفرنس میں پیش کی جائیں گی۔

یہ بات سب جانتے ہیں کہ دنیا بھر میں ماحولیاتی تبدیلی کے باعث درجہ حرارت میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے اور سائنسدانوں نے متنبہ کیا ہے کہ زمین کو موسمیاتی تبدیلی کے باعث ہونے والی تباہی سے بچانے کے لیے فوری اقدامات لینے کی ضرورت ہے۔ انسانی سرگرمیوں نے کاربن ڈائی آکسائیڈ کے اخراج میں اضافہ کیا ہے، جو درجہ حرارت کو بڑھاتا ہے۔ موسم میں شدت اور برف کا پگھلنا اس کے ممکنہ اثرات میں شامل ہیں۔ یہ بتاتا چلوں کہ کسی ایک علاقے کی آب و ہوا اُس کے کئی سالوں کے موسم کا اوسط ہوتی ہے۔ ماحولیاتی تبدیلی اس اوسط میں تبدیلی کو کہتے ہیں۔ ہماری زمین اب بہت تیزی سے ماحولیاتی تبدیلی کے دور سے گزر رہی ہے اور عالمی درجہ حرارت بڑھ رہا ہے۔ یہی نہیں بلکہ آب و ہوا کی تبدیلی ہمارے طرز زندگی کو بدل دے گی، جس سے پانی کی قلت پیدا ہو گی اور خوراک پیدا کرنا مشکل ہو جائے گا۔ کچھ خطے خطرناک حد تک گرم ہو سکتے ہیں اور دیگر سمندر کی سطح میں اضافے کی وجہ سے رہنے کے قابل نہیں رہیں گے۔ موسم میں شدت کی وجہ سے پیش آنے والے واقعات جیسے گرمی کی لہر، بارشیں اور طوفان بار بار آئیں گے اور ان کی شدت میں اضافہ ہو جائے گا، یہ لوگوں کی زندگیوں اور ذریعہ معاش کے لیے خطرہ ہو گی۔ ایک برس قبل کہا گیا تھا کہ غریب ممالک کے شہریوں کے پاس حالات کے مطابق ڈھلنے کا امکان کم ہوتا ہے اس لیے وہ سب سے زیادہ نقصان اٹھائیں گے۔ اور ہم خاموش تماشائی بنے رہے اور مون سون کی بارشوں اور سیلاب نے ملک کا ایک تہائی حصہ ڈبو دیا۔ ناقابل تلافی نقصان ہوا جس کا ازالہ وقت اور وافر سرمایہ کا طالب ہے۔

مغربی ممالک کی تیز رفتار صنعتی ترقی نے ماحول میں کاربن کے اخراج کو کئی گنا بڑھا دیا ہے جس سے عالمی درجہ حرارت میں واضح اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ لیکن اس کا خمیازہ پاکستان جیسے ممالک نے بھگتا جس کا حصہ کاربن کے اخراج میں آدھے فیصد سے بھی کم ہے۔ اب پاکستان کا شمار ان دس ممالک میں ہوتا ہے جو موسمی تبدیلی سے متاثر ہیں۔ پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی کے شدید اثرات کا سامنا ہے۔ پورتو ریکو، میانمار، ہیٹی، فلپائن کے بعد پاکستان کا نام ہے۔ موسمی تبدیلی کو روکنے کے لیے اقدامات اٹھانے کے باوجود سمندری سطح میں اضافے، پانی کی قلت، زرعی پیداوار میں کمی اور خشک سالی کے باعث 2030ء تک پاکستان میں لاکھوں افراد کے بے گھر ہو جانے اور نقل مکانی کرنے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ تاہم اگر موسمیاتی تبدیلی کو روکنے کے لیے فوری اقدامات نہ کیے گئے تو متاثر ہونے والے افراد کی تعداد دگنی بھی ہو سکتی ہے۔ جیکب آباد سمیت ملک بھر میں اتنی زیادہ گرمی ہماری توقعات سے کہیں پہلے ہو جاتی ہے۔ دریائے سندھ کے ساتھ پاکستان کے علاقے موسمی تبدیلی سے زیادہ متاثر ہوئے اور مستقبل قریب میں درجہ حرارت میں مزید اضافہ ہونے کے اشارے بھی مل رہے ہیں۔

پاکستان میں سیلاب سے تین کروڑ 30 لاکھ افراد براہ راست متاثر ہوئے۔ 40 ارب ڈالر سے زائد کا نقصان ہوا ہے۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بحالی اور تعمیر نو کے بے شمار مسائل کا سامنا ہے۔ ہلال احمر ملک گیر شجر کاری میں بھی اپنا بھرپور حصہ ڈالے گا، ''سبز اقدامات'' ہمارے مشن میں شامل ہیں۔ ہلال احمر پاکستان شعبہ کلائمیٹ چینج اینڈ ایڈاپٹیشن نے ''کوپ 27'' کے بعد اجلاس بعنوان ''پیرس سے شرم الشیخ تک کا سفر'' کا بھی اہتمام کیا تا کہ کچھ خدو خال واضح ہو سکیں۔ اجتماعی تفہیم کی غرض سے سٹیک ہولڈرز اور متعلقہ شخصیات کے علاوہ وزارت موسمیاتی تبدیلی کے نمائندگان شریک تھے۔ یہاں پینل ڈسکشن اور سوال جواب کے سیشن میں آگے بڑھنے اور عالمی فنڈز کے حصول بابت سیر حاصل گفتگو میں روڈ میپ کی تشکیل سامنے آئی۔

میں یہاں برملا کہنا چاہونگا کہ مشکل گھڑی میں اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل ک انتونیو گوترس کا تعاون ہمیشہ یاد رہے گا۔ ہلال احمر پاکستان کے پلیٹ فارم سے میں نے سیلابی تباہ کاریوں کے بعد موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ ملک ہونے کی وجہ سے پاکستان کے لئے عالمی سطح پر مدد مانگی۔ انٹرنیشنل فیڈریشن آف ریڈ کراس نے اپنا دامن کھولا، پاکستان میں آئی ایف آر سی کے ہیڈ، میرے دوست پیٹر پلی ہوف نے ہر موقع پر بھرپور تعاون کر کے نئی مثال قائم کی۔ میں اس مضمون میں تمام موومنٹ پارٹنرز کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کم کرنے کے لیے ماحول دوست توانائی کے ذرائع اختیار کرنا ہوں گے۔ ہمیں دنیا سے اپنے لٹے پٹے سیلاب متاثرہ بھائیوں کے لیے انصاف چاہیے۔ پاکستان کو اس جرم کی سزا بھگتنی پڑی جو اس نے کیا ہی نہیں۔ امید واثق ہے کہ عالمی برادری اس جانب بھرپور توجہ دے گی۔

حویلی فارورڈ کہوٹہ-کالے سونے اور سفید پتھر کی سرزمین


افتخار انقلابی

پچھلے دو دن حویلی کے لئے مختص کرنے پڑے، وجہ مسلم ہینڈز کے پراجیکٹس خاص کر'' واٹر سپلائی سکیمز'' کے معیار اور کام کو دیکھنا تھا۔ الحمدللہ بہت ہی قلیل عرصہ میں مسلم ہینڈز کہوٹہ کے غریب اور سفید پوش لوگوں کے لئے ۵۵ سکیمز مکمل کر کے کمیونٹی کے سپرد کر دی گئی ہیں۔ اکثریت سکیمیں پہاڑوں کی چوٹیوں پہ بنائی گئی ہیں جہاں صرف پگڈنڈیوں کے علاوہ کوئی پختہ راستہ نہیں ہے، لگتا ہے کسی غیر مرئی مخلوق نے یہ سکیمز بنائی ہیں۔ میں اپنی لوکل ٹیم محترم عاصم میر اور عمر فاروق کو ان خدمات پہ ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں۔

اپنے دورہ کے دوران پہلے دن چند سکیموں کا افتتاح اور کچھ کا معائینہ کیا گیا۔

سب سے خوش کن بات یہ تھی کہ راولاکوٹ سے کہوٹہ تک روڈ نہایت اعلی پایہ کی ہے، روڈ کو دیکھ کر لگتا ہے کہ اس کو دل سے اور نہایت ایمانداری سے بنایا گیا ہے ایسے ٹھیکیدار ان کی تحسین ہونی چاہیے اور بلا تفریق سارے آزاد کشمیر میں ان سے کام لینا چاہیے۔

دوستوں نے پی ڈبلیو ڈی ریسٹ ہاؤس میں قیام کا بندوبست کر رکھا تھا جہاں راقم کے ٹھیرنے کی اطلاع پر رات کو شیخ خورشید صاحب (صدر پیپلز پارٹی ضلع حویلی) اور مسلم لیگ آزاد کشمیر کے مرکزی رہنما شیخ عارف صاحب جن کا نام میئر شپ کے لئے فائنل ہو چکا ہے ملنے ریسٹ ہاؤس تشریف لائے۔ ان دونوں حضرات نے بلا تفریق رنگ و نسل و علاقہ مسلم ہینڈز کی خدمات کو نہ صرف سراہا بلکہ اہل علاقہ کی جانب سے مسلم ہینڈز کا شکریہ بھی ادا کیا۔

Muslim Hands

اگلے دن اپنی لوکل ٹیم اور واش آفیسر مسٹر آدرش نسیم کے ہمراہ دور افتاد علاقہ'' کالا مولا'' جانا ہوا، سابق آفیسر مال راولاکوٹ شیخ فاروق صاحب بھی اپنی گاڑی کے ہمراہ تشریف لے آئے چونکہ آگے روڈ خراب ہونے کی وجہ سے چھوٹی گاڑیوں کے لئے قابل رفتار نہیں تھی۔

مختلف پراجیکٹس کا وزٹ کرتے ہوئے معروف درویش باجی الف دین رح کے مزار پہ بھی حاضری نصیب ہوئی۔ قبلہ بابا جی اللہ کے ایک نیک اور صالح انسان تو تھے ہی تاہم آپ کا یہ وصف تھا کہ آپ نے ساری زندگی اپنی زمین کی کمائی سے ہی سادہ خوراک کھائی کبھی کسی سے کوئی چیز وصول نہیں کی۔

کالا مولا کی جانب اس سفر میں میری حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی جب مجھے راستے میں جا بجا کالے سونے (کوئلے) اور سفید سنگ مرمر کے پہاڑ نظر آئے، جنھیں راقم نے اپنے کیمرہ کی آنکھ سے محفوظ کیا۔ ایک جگہ لوگوں نے قبر کا کاٹھ جمع کیا ہوا تھا جو خالصتا'' سیاہ سنگ مر مر کا تھا۔ یہ پہاڑ ارباب اختیار کی توجہ کے منتظر ہیں۔ اگر اس جانب توجہ دی جائے تو اس غریب علاقہ کے ساتھ ساتھ ریاست کی تقدیر کو بھی بدلا جا سکتا ہے

☆☆☆☆☆☆☆

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں......(ادارہ)

بقیہ 1

کفایت شعاری اپنانے کی اشد ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں ہمیں اپنے رویے اور اطوار بدلنے کی فوری ضرورت ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ صوبائی حکومتوں، آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان کی حکومتوں سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کا عمل جلد مکمل کرکے مجوزہ توانائی بچت پلان کا نفاذ یقینی بنایا جائے۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ایندھن کی مد میں امپورٹ بل میں کمی کے لیے توانائی بچت پلان پر عمل اور متبادل توانائی کا استعمال ناگزیر ہے۔ انہوں نے وزیر توانائی کو پاکستان میں ونڈ پاور کی استعداد سے حوالے سے تفصیلی رپورٹ کابینہ میں پیش کرنے کی بھی ہدایت کی۔ سرکاری دفاتر میں بجلی کی کھپت 30 فی صد تک کم کرنے کے لیے وزیراعظم نے کمیٹی بنانے کی ہدایت کی، جس میں وفاقی وزیر توانائی، وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، وزیر مملکت برائے پیٹرولیم وقدرتی وسائل اور متعلقہ سیکرٹریز شامل ہوں گے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ وزارت اطلاعات اور نیشنل انرجی ایفیشنسی اینڈ کنورزیشن اتھارٹی نے اس سلسلے میں آگاہی کے لیے ایک مہم بھی تیار کرلی ہے۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں وزارت صنعت و پیداوار کی جانب سے الیکٹرک بائیکس کے استعمال کو ملک بھر میں عام کرنے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اور بتایا گیا کہ ملک میں پیٹرول سے چلنے والی موٹر سائیکلوں کو مرحلہ وار الیکٹرک بائیکس سے تبدیل کیا جائے گا۔ اس وقت ملک میں 90 کمپنیاں موٹر سائیکلز اور آٹو رکشے بنا رہی ہیں۔ ملک میں سالانہ 60 لاکھ موٹر سائیکلیں بنانے کی سہولت موجود ہے۔ اجلاس میں مزید بتایا گیا کہ پاکستان میں 22 کمپنیوں کو الیکٹرک بائیکس بنانے کے لائسنس جاری کیے جاچکے ہیں۔ پاکستان میں الیکٹرک بائیکس کے فروغ سے ایندھن کی مد میں خاطر خواہ بچت ہوگی بلکہ یہ ماحول دوست الیکٹرک بائیکس کاربن کے اخراج میں کمی کا باعث بھی بنیں گی۔ وزیراعظم نے اس سلسلے میں تفصیلی پلان اقتصادی رابطہ کمیٹی میں پیش کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس میں وفاقی کابینہ نے کمیٹی برائے سویابین کی رپورٹ کی حتمی منظوری دی۔ علاوہ ازیں گورنمنٹ ٹو گورنمنٹ کمرشل ٹرانزیکشن ایکٹ 2022، سرمایہ کاری بورڈ کی سفارش پر ملک بھر میں قائم اسپیشل اکنامک زونز میں سرمایہ کاروں کو ون ونڈو آپریشنز کے حوالے سے سہولیات فراہم کرنے کے لیے ون اسٹاپ سروس ایکٹ کی بھی اصولی منظوری دی گئی۔ وفاقی کابینہ نے پیٹرولیم ڈویژن کی سفارش پر تاج فیلڈ) میر پور خاص (کو تجارتی حیثیت کے لیے 14.11 اسکوئر کلومیٹر پر محیط ایریا کو کمرشل بنیادوں پر ڈیکلیئر کرنے اور اس بلاک کی یونائیٹڈ انرجی پاکستان لمیٹڈ کو 5 سال کے لیے ترقیاتی اور پیداواری لیز دینے کی بھی منظوری دی۔ اجلاس میں اقتصادی رابطہ کمیٹی کے 21 دسمبر اور 15 نومبر کو منعقد ہونے والے اجلاسوں میں لیے گئے فیصلوں کی توثیق کردی گئی۔ علاوہ ازیں وفاقی کابینہ نے کمیٹی برائے نجکاری کے 26 دسمبر کو منعقد ہونے والے اجلاس میں لیے گئے فیصلوں کی بھی توثیق کی گئی۔ قبل ازیں وفاقی کابینہ نے حکومت پنجاب کی جانب سے سینئر پارلیمنٹیرین چودھری اشرف کو 53 سالہ پرانے کیس میں گرفتار کرنے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے واقعے کی شدید مذمت کی۔ کابینہ نے ملک کے مختلف علاقوں میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعات کے نتیجے میں شہید افراد کے لیے فاتحہ خوانی کی اور ان واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے عزم کا اظہار کیا کہ ملک میں امن وامان کی صورتحال پر کسی قسم کا سمجھوتا نہیں کیا جائے گا اور دہشت گردی کے عفریت کو جڑ سے ختم کیا جائے گا۔ وفاقی کابینہ نے دہشت گردی کے خلاف مسلسل جدوجہد پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ 2

میں وہاں کے لوگوں کو بتاسکتے ہیں کہ یہاں پر کس طرح سے اقلیتوں کو تمام حقوق مساوی طور پر میسر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج یہاں ایوان صدر مظفرآباد میں امریکہ کی آل نیبرز انٹرنیشنل آرگنائزیشن کے ایک وفد سے تفصیلی ملاقات میں کیا۔ اس موقع پر آل نیبرز انٹرنیشنل آرگنائزیشن امریکہ کے وفد میں مائیکل شانون کرو (Michael Shannon Crowe)، جان ڈیوڈ نوزم (John David Nuzum)، ٹیلر ڈینیل ایشبی (Tyler Daniel Esh)، سارہ نیکول ایشبی (Sarah Nicole Esh)، جیسیکا جائے ملر (Jessica Joy Miller)، کیٹلین ماری ایشبی (Kaitlyn Marie Esh)، جیس وارن بیلر (Jesse Warren Beiler)، ایلی لی سٹولٹزفس (Eli Lee Stoltzfus)، ڈاریلے مائیکل ایشبی (Darelle Michael Esh)، جوشوا تھامس ریگن (Joshua Thomas Regan)، فیتھ اولیویا گرنات (Faith Olivia Garnaat)، الیاس مسیح (Ilyas Masih)، انور کمال قاسمی (Anwar Kamal Qasmi)، برونر بیلتھسس ہیزر نیوٹن (Bruener Bellthshazzer Newton)، فلیمن گل (Phillemon Gill)، مینا یونس (Meena Younas)، روما سلیم (Roma Saleem) اور دیگر بھی شامل تھے۔ اس موقع پر صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے مزید کہا کہ آپ لوگوں کی خطے میں قیام امن کے لئے کوششیں قابل ستائش ہیں اور آپ کے دورے سے جہاں بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ ملے گا وہاں پر معاشروں میں امن کی فضا بھی تقویت پائے گی۔ میں خود بھی حال ہی میں امریکہ کے دورے سے واپس آیا ہوں میں نے وہاں پر نیو یارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل، او آئی سی کے سیکرٹری جنرل اور دیگر اعلیٰ عہدیداران سے ملاقاتیں کیں جبکہ میں واشنگٹن میں بھی امریکی نائب وزیر خارجہ سمیت اعلیٰ امریکی حکام سے ملاقاتیں کر کے مقبوضہ کشمیر میں بڑے پیمانے پر ہونے والی انسانی حقوق کی پامالی سے آگاہ کیا اور ڈیڑھ کروڑ کشمیری عوام کا موقف اُن کے سامنے رکھتے ہوئے اُن سے مطالبہ کیا کہ انٹرنیشنل کمیونٹی کشمیری عوام کو اُن کا حق خودارادیت دلوانے کا وعدہ پورا کرے۔ میرے اس دورے سے مسئلہ کشمیر کو خاصی تقویت ملی اور عالمی برادری اب مسئلہ کشمیر کو سمجھنا شروع ہوگئی ہے اور وہ چاہتی ہے کہ مسئلہ کشمیر حل ہو۔ لہذا میں چاہتا ہوں انٹرنیشنل کمیونٹی مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے اپنا کردار ادا کرے اور آپ لوگ بھی جب واپس امریکہ جائیں تو اپنے عوام اور حکومت کو یہاں کی اصل صورتحال سے آگاہی دیں تاکہ انہیں اصل صورتحال کا اندازہ ہو سکے۔ آل نیبرز انٹرنیشنل آرگنائزیشن امریکہ کے وفد کے دورے سے خطے میں جہاں مذہبی ہم آہنگی فروغ پائے گی اسی طرح امن اور بھائی چارے کی فضا بھی ہموار کرنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 4

پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے رہنماؤں و کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں جمہوریت کی بحالی کے لیے جو قربانیاں پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت نے دی ہیں ان کی دنیا کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی انہوں نے کہا کہ بھٹو خاندان نے امام حسین علیہ السلام کے نقش قدم پر چلتے ہوئے حق کے راستے پر شہادت کا رتبہ پایا اور مرد حر کو چیئرمین و سابق صدر پاکستان آصف علی زرداری نے طویل عرصہ قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں لیکن ان کے پائے استقامت میں لرزش نہیں آئی انہوں نے کہا کہ وقت آگیا ہے کہ اس ملک کی باگ ڈور نوجوان بلند حوصلہ ولولہ انگیز قیادت بلاول بھٹو زرداری اس قوم کی کی قیادت سنبھالیں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز کی قیادت نے ہمیشہ مشکل وقت میں ملک کو بحرانوں سے نکالا انہوں نے کہا کہ گھڑی خدابخش کے جلسہ میں جس طرح عوام نے شرکت کی اس سے ثابت ہوگیا کہ شہید بی بی آج بھی چاروں صوبوں کی زنجیر ہے اور چیرمین بلاول بھٹو زرداری ان کے مشن کو پورا کریں گے

بقیہ 5

سیکرٹری آبپاشی سے ریکارڈ طلب کرلیا۔ نیب حکام نے سوالات کیے ہیں کہ تھرکول واٹر پراجیکٹ میں کتنی رقم خرچ ہوئی، اس کام کے بل کس نے پاس کیے، رقم کب اور کتنی جاری ہوئی، ٹینڈر کے عمل کی تفصیلات دی جائیں۔ محکمہ آبپاشی کی جانب سے ابھی تک کوئی ریکارڈ فراہم نہیں کیا گیا، مذکورہ منصوبے پر 2016-17 کے دوران رقم خرچ کی گئی۔

بقیہ 6

قائم کیے بغیر پاکستان کے مسائل حل نہیں ہو سکتے۔ ملک میں استحکام کا واحد حل شفاف انتخابات ہیں، لاہور پریس کلب کی نومنتخب گورننگ باڈی اور سینیئر صحافیوں سے اپنی رہائش گاہ پر ملاقات میں گفتگو کے دوران عمران خان نے کہا کہ اس وقت ٹیکنوکریٹ حکومت لانے کا شوشہ چھوڑا جا رہا ہے۔ سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ حکومت سے زیادہ پیچھے بیٹھے لوگوں کو الیکشن کے لیے راضی ہونا ضروری ہے۔ عمران خان نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ کوئی رابطہ نہیں ہے اور اگر آئندہ عام انتخابات میں کوئی پولیٹکل انجینئرنگ کی گئی تو نتائج اچھے نہیں ہوں گے۔ عمران خان نے کہا کہ مشرقی پاکستان میں سب سے بڑی جماعت کا مینڈیٹ تسلیم نہیں کیا گیا تھا۔ انہوں نے انتخابات کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ابھی مجھے الیکشن ہوتے نظر نہیں آ رہا۔ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے سابق وزیراعظم نے کہا کہ پی ڈی ایم صرف ڈرائنگ روم کی جماعت بن کر رہ گئی ہے۔ سابق آرمی چیف جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ پر تنقید کرتے ہوئے عمران خان نے کہا کہ اس ملک پر بڑا ظلم کیا اور ہم دیوالیہ کے قریب کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنرل (ر) قمر باجوہ سے ہماری حکومت کے اچھے تعلقات رہے مگر ان کے نزدیک سیاست دانوں کی کرپشن بے معنی تھی، میں جنرل (ر) باجوہ کو سمجھاتا رہا کہ کرپشن بڑا مسئلہ ہے، ان کے سر کی کرپٹ ٹولے سے دوستیاں تھیں۔۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ قومی احتساب بیورو (نیب) قوانین میں ترمیم کرکے 11 سوارب روپے کی کرپشن کے کیسز ختم کردیے گئے۔

بقیہ 7

میں میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ جتھے کی صورت میں آنے سے معاملات درست انداز میں نہیں ہوسکتے۔ پی ٹی آئی کے ارکان کو استعفوں کی منظوری کے لیے ایک ایک کرکے آنا ہوگا۔ قومی اسمبلی کے اسپیکر کا مزید کہنا تھا کہ استعفوں کے معاملے پر آئین اور قانون کے پابند ہیں۔ استعفے ارکان کے تحریر کردہ نہیں تھے۔ گزشتہ طلبی پر بھی پی ٹی آئی کے ارکان نہیں آئے۔

بقیہ 8

وزیراعلیٰ پنجاب سے تلہ گنگ سے تعلق رکھنے والے ایم پی اے حافظ عمار یاسر نے ملاقات کی، ملاقات میں وزیراعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی نے ڈسٹرکٹ کمپلیکس تلہ گنگ کیلئے اراضی منتقلی کا نوٹیفکیشن ایم پی اے حافظ عمار یاسر کے حوالے کیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تلہ گنگ میں محکمہ زراعت کی اراضی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کو ڈسٹرکٹ کمپلیکس کیلئے ٹرانسفر کی گئی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے کہا کہ تلہ گنگ کو ضلع کا درجہ دے کر وعدہ پورا کیا ہے، تلہ گنگ ڈسٹرکٹ کمپلیکس کیلئے جلد تعمیراتی سرگرمیاں شروع ہوجائیں گی، عوام کی سہولت کیلئے شہر کے وسط میں ڈسٹرکٹ کمپلیکس تعمیر کیا جائے گا

بقیہ 9

دے رہی۔ اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ رابطوں سے متعلق سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ اسٹیبلشمنٹ غیر سیاسی ہے ہم کیسے ان سے رابطہ کرسکتے ہیں؟۔ شاہ محمود قریشی نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ بلاول ہمیں پارلیمنٹ میں آنے کی دعوت نہیں دے سکتے یہ وزیراعظم کا استحقاق ہے۔ یاد رہے کہ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے بینظیر بھٹو کی برسی پر کیے گئے خطاب میں سابق وزیر اعظم عمران خان کو پارلیمنٹ میں واپس آنے کی وارننگ دی تھی

بقیہ 10

تین افراد کو گرفتار کرلیا۔ چاڈورہ کے رہائشی سید نجم الہدی نے ٹوئٹر پر ایک پوسٹ میں کہا کہ تقریبا رات کے پونے گیارہ بجے مرد پولیس اہلکاران کے گھر میں گھس گئے اور انکے والد، چچا اور والدہ کو باہر نکالا اور اپنے ساتھ لے گئے۔ انہوں نے کہا کہ بغیر کسی وجہ کے گھر میں گھسنے کے بعد پولیس نے ان پر حملہ کیا۔ سائبر سیکیورٹی ریسرچر نجم الہدانے ٹویٹر پر ایک ویڈیو پوسٹ کی جس میں رات کے وقت پولیس کے ہاتھوں گرفتار ہونے والوں کے ساتھ ایک خاتون کو بھی پولیس کی گاڑی میں دیکھا جاسکتا ہے۔ نجم الہدانے بتایا کہ ان کی والدہ کو مرد پولیس اہلکار لے گئے لیکن بعد میں انہیں چھوڑ دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک پولیس اہلکاران پر چلایا اور دھمکی دی کہ اگر ویڈیو ڈیلیٹ نہیں کی تو تیرے باپ اور تیری زندگی خراب کرینگے اور تجھے منشیات کے جعلی کیس میں بند کردیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اسٹیشن سے میرے والد کے ذریعے فون پر مجھے ویڈیو کو حذف کرنے کے لئے کہا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس نے میرے والد پر تشدد کیا اور ان کو مجھے فون کرنے پر مجبور کیا کہ وہ مجھے ویڈیو ڈیلیٹ کرنے کے لئے کہے۔ انہوں نے کہا کہ جب میں اپنے والد سے ملنے گیا تو انہوں نے مجھے مارا پیٹا اور ویڈیو ڈیلیٹ کرنے پر مجبور کیا۔

بقیہ 11

اسٹیچ کا 100 انڈیکس 47 پوائنٹس کم ہونے کے بعد 39755 پر آگیا

بقیہ 12

پرفائز ہوکر چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے دنیا بھر میں کامیاب سفارتکاری سے اپنے آپ کو مدبر اہل قیادت ثابت کر کے قومی مفادات کا تحفظ اور ڈیڑھ کروڑ کشمیری عوام کے حق خودارادیت کو اقوام متحدہ میں دوٹوک جرآت مند انداز میں پیش کر کے بھارت کو واویلا کرنے پر مجبور کردیا پیپلز پارٹی اور مسئلہ کشمیر کا روح اور جسم کی مانند رشتہ ہے جس کو دنیا کی کوئی طاقت جدا نہیں کرسکتی کیونکہ قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو نے پیپلز پارٹی کی بنیاد ہی مسئلہ کشمیر پر رکھی تھی آزاد کشمیر میں بھی پیپلز پارٹی کا مینڈیٹ چوری ہوا جس کو بازیاب کروانا پیپلز پارٹی کا فریضہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ ملتان گیلانی ہاؤس میں پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات امیدوار اسمبلی حلقہ نمبر سات لیپہ ویلی شوکت جاوید میر کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفد میں پیپلز یوتھ کے رہنما تیمور کرناہی سید ذوالقرنین حیدر نقوی، نوجوان صحافی شجاعت میر شامل تھے

بقیہ 13

راولاکوٹ اور میرپور میں بھی اپنے فرائض سر انجام دے چکے ہیں ان کے شمار محکمہ صحت کے سنیئر آفیسران میں ہوتا ہے

بقیہ 14

سعودیہ سے تعلقات خراب کیے جب کہ امریکا کے تعلقات ہمارے ساتھ اچھے نہیں مگر ہمیں اس کے آگے جھکنا نہیں، پاکستان مشکل دور سے گزر رہا ہے اس لیے مشکل فیصلے کرنا پڑیں گے، 9 ہزار ارب پاکستان کی آمدنی اور 14 ہزار ارب پاکستان کا خرچہ ہے، ملک ڈیفالٹ کی طرف نہیں بلکہ بہتری کی طرف جارہا ہے، دوست ممالک ہمارے ساتھ کھڑے ہیں، بلاول بھٹو سعودیہ سے تعلقات بہتر کررہے ہیں، مشکل فیصلے کر کے ہم اپنا سیاسی مستقبل محفوظ کر سکتے ہیں ۔ سکھر میں ہائیکورٹ بار کے وکلا سے خطاب کرتے ہوئے قمر زمان کائرہ نے کہا کہ کیا الیکشن کرانے، قانون اور آئین بنانے سے جمہوریت آجاتی ہے؟ ادارے کھڑے کرنے سے عمارتیں بنانے سے جمہوریت نہیں آتی۔ قمر زمان کائرہ نے کہا کہ مشکل فیصلے کرکے ہم اپنا سیاسی مستقبل محفوظ کرسکتے ہیں۔ توانائی کا بحران ہے تاہم ان سے جلد باہر نکل آئیں گے۔ شام کے اوقات میں بجلی کی ڈیمانڈ بڑھتی ہے، بجلی کی ڈیمانڈ بڑھتی ہے تو ڈبل یونٹ کے طور پر استعمال ہوتی ہے، ہمیں پاور جنریشن میں اضافہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ مارکیٹ کو کنٹرول کرے، بجلی کی بچت کے لئے رات و مارکیٹس بند کرنا ہوں گی۔ ہم مارکیٹس رات آٹھ بجے بند کرنے کا کہتے ہیں تو کرنے نہیں دیتے

بقیہ 15

معاملے کا نوٹس لے لیا۔ چیئرمین کمیٹی نور عالم خان نے دوران اجلاس کہا کہ کچھ وزارتوں اور محکموں کی جانب سے مجھ سے رابطہ کر کے شکایت کی گئی ہے کہ آڈٹ اہل کار وصولیوں یا دستاویزات کی تصدیق کے مرحلے میں رشوت مانگتے ہیں۔ رکن کمیٹی شیخ روحیل اصغر نے کہا کہ جنہوں نے سب کا حساب کرنا ہے، ان کا حساب کون کرے گا۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے آڈیٹر جنرل کو ہدایت کی کہ آڈٹ کے لیے 20 یا 21 گریڈ کے افسر کو بھیجا جائے۔ پی اے سی نے آڈٹ افسران واہل کاروں کی شکایات ملنے کے بعد تمام وزارتوں کو خط لکھنے کا فیصلہ کرلیا۔ اس سلسلے میں کمیٹی کا کہنا ہے کہ آڈٹ حکام کسی بھی وزارت یا محکمے کے افسر سے رشوت مانگیں تو فوری طور پر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) کو اطلاع دی جائے۔ علاوہ ازیں اجلاس میں وزارت آبی وسائل کی آڈٹ رپورٹ 2019-20 کا جائزہ لیا گیا، جس پر پی اے سی نے ڈیمز کی تعمیر سمیت 5 منصوبوں کے فرانزک آڈٹ کی ہدایت کر دی۔ چیئرمین نور عالم خان نے کہا کہ بھاشا ڈیم، داسو، مہمند، نیلم جہلم اور کے فور کراچی کا منصوبہ شامل ہے۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس میں آڈٹ رپورٹس کے جائزے میں داسو ہائیڈرو پاور پراجیکٹ میں اربوں روپے کی مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا، جس کے مطابق 2016-17 میں 22 ارب 88 کروڑ روپے لاگت کے 3 ٹھیکے دیے گئے۔ آڈٹ حکام نے بتایا کہ کام شروع ہونے سے پہلے ٹھیکیداروں کو 4 ارب 58 کروڑ کی ایڈوانس رقم جاری کی گئی۔ ایڈوانس ادائیگی کے بعد 5 سال گزرنے کے باوجود کام شروع نہیں ہوسکا۔ وزارت آبی وسائل کی جانب سے اجلاس میں بتایا گیا کہ فنڈز کے اجرا کے لیے عالمی بینک کی ٹائم لائن پر عمل کیا گیا

بقیہ 16

کرے گا، زرمبادلہ کے ذخائر کم ہیں مگر ڈیفالٹ کا خطرہ بالکل نہیں، یہ ملک رہے گا، ہم سب کو مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ لوگوں کو خوف میں مبتلا کردیا گیا ہے جس کے بعد کوئی ڈالر تو کوئی سونا خرید رہا ہے، پاکستان بھنور میں آچکا ہے، جس سے نکالنا ہے، سنگین مسائل ہیں لیکن ہمیں ان کا حل نکالنا ہے، پاکستان کے ڈیفالٹ کا رونا رونے والے کس کے لیے کام کر رہے ہیں؟ ۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو 2013 میں ادارے ایک ڈالر بھی نہیں دے رہے تھے، معاشی حالات انتہائی ابتر تھے، ملک ڈیفالٹ کے دہانے پر تھا، کہا جارہا تھا کہ الیکشن کے بعد 6 ماہ میں ملک ڈیفالٹ کر جائے گا، مگر ہم نے 3 سال میں معیشت کھڑی کردی تھی۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ سستی سیاست کے لیے ملک کو نقصان پہنچایا جارہا ہے، پاکستان کے خلاف غلط پروپیگنڈا روکنا ہے، سیاسی مقاصد کے لیے ایسی باتیں کرنا درست نہیں، ڈالر کی ہمسایہ ملک کو اسمگلنگ ایک بڑا مسئلہ ہے، ڈالر، گندم، کھاد کی اسمگلنگ روکنی ہے، جس کی ہدایت کردی ہے، سرحدی علاقوں میں ڈالر کی اسمگلنگ کو روکنا ہوگا۔ ان کا کہنا ہے کہ ہم پیرس کلب نہیں جائیں گے، بانڈ ادائیگی کی افواہیں چلیں لیکن وہ ادا کردیا گیا، معیشت ٹھیک کرنے کی ذمہ داری لی ہے، کسی کو انتقام کا نشانہ نہیں بنانا، پاکستان کی معیشت ٹھیک کریں گے۔ وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے تاجروں اور صنعت کاروں سے کہا کہ اپنی تجاویز چیئرمین ایس ای سی پی کے پاس جمع کرائیں، آپ آئیڈیاز شیئر کرتے رہیں، ہم ان پر غور کریں گے، پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاروں کے لیے ایف بی آر کی پالیسی کو بھی نرم کیا جارہا ہے

بقیہ 17

حسنین کے اہلخانہ سے ٹیلی فون پر بات چیت کی اور شہید کے اہلخانہ کو حکومت کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے 25 دسمبر کو کوہلو، بلوچستان میں دھماکہ میں شہید ہونے والے پاک فوج کے جوانوں کے ورثا سے بھی ٹیلی فون پر اظہار افسوس کیا۔ صدر مملکت نے کیپٹن محمد فہد خان اور سپاہی اصغر الدین کے لواحقین سے فون پر بات چیت کی۔ انہوں نے سپاہی محمد شمعون اور لانس نائیک محمد امتیاز کے ورثا سے بھی اظہار تعزیت کیا۔ صدر مملکت نے شہدا کو ان کی بہادری، فرض شناسی اور قوم کیلئے قربانی پر خراج تحسین پیش کیا۔ صدر مملکت نے شہدا کے خاندانوں کی وطن کیلئے قربانی کے جذبے کو بھی سراہا۔ صدر مملکت نے تمام شہدا کو وطن کیلئے خدمات اور جان کی قربانی پیش کرنے پر خراج عقیدت پیش کیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ شہدا کی ملک کو دہشت گردی سے پاک کرنے کیلئے دی جانے والی قربانیاں یاد رکھی جائیں گی، پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں متحد ہے، شہدا کی قربانیوں کی بدولت ہم دہشت گردی سے مکمل نجات حاصل کرلیں گے۔ صدر مملکت نے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور صبر جمیل کی بھی دعا کی۔

بقیہ 18

خواہش ہے کہ ہماری مائیں بیٹیاں معاشی طور پر خود کفیل ہوں ووکیشنل ٹریننگ سینٹرز کو پورے آزاد کشمیر میں لے کر جائیں گے۔ پروڈکشن سینٹرز سمال انڈسٹری میں صرف خواتین کام کریں گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کامیاب خواتین پروگرام کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا خواتین کام کے لیے آگے آئیں ہم انہیں بلاسود قرضہ فراہم کریں گے ۔ ہماری حکومت وویمن امپاورمنٹ کے لیے کام کررہی ہے ۔ ہماری خواتین ہنر مند ہیں آزاد کشمیر اور کشمیری مصنوعات اگر مارکیٹ میں آئیں گی تو اس سے ہمارے کلچر سے دنیا آشنا ہوگی۔ ہنر مند خواتین کا تیار کردہ سامان ساری دنیا میں جائے گا جس سے ہماری لوکل پروڈکٹس کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ تربیتی پروڈکشن سنٹر اور ٹیوٹا کے زیر انتظام ادارہ جات میں زیر تربیت خواتین اور بچیوں کو جو پہلے سے رجسٹرڈ ہیں 3000 ہزار روپے ماہانہ دیا جائے گا جبکہ سینٹر میں نئی آنے والی ٹریننگ بچیوں کو دس ہزار روپے ماہانہ وظیفہ دیں گے۔ ہم اپنی تیار کردہ پروڈکشن کا 35 فیصد حصہ ہنر مند خواتین کو کیش کی صورت میں دیں گے جبکہ 15 فیصد آپ کے بچوں کی تعلیم پر خرچ کریں گے۔ جبکہ 20 فیصد تربیتی و پروڈکشن سینٹر میں نئی آنے والی خواتین پر خرچ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین زندگی کے ہر میدان میں آگے جاسکتی ہیں تمام ٹیوٹا ٹریننگ سینٹرز کی انچارج خواتین ہوں گی۔ بعدازاں وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وآزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان نے ایم ڈی اے پلازہ میں قائم فلاحی ادارے جمال فاؤنڈیشن کا دورہ کیا۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے سینٹر میں موجود لاوارث اور یتیم بچوں سے ملاقات کی اور ان سے گھل مل گئے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے جمال سینٹر میں حال ہی میں لائے گئے لاوارث معصوم بچے کا نام عبداللہ رکھا اور اسے پیار کیا۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر نے سینٹر میں موجود 150 بچوں کی کفالت کے لیے اپنی طرف سے 15 لاکھ مالی امداد کا اعلان کیا۔ وزیراعظم نے انتظامیہ اور متعلقہ محکمہ کو ہدایت کی کہ بچوں کی معیاری تعلیم و تربیت اور کھانے پینے کے نظام میں بہتری بچوں کی نگرانی اور سینٹر کے مسائل کے حل کیلئے تمام تر اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے جمال فاؤنڈیشن کے چیئرمین کو انکی کاوشوں پر خراج تحسین پیش کیا اور مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات قلمبند کیے۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ڈپٹی اسپیکر چوہدری ریاض احمد گجر، وزیر حکومت چوہدری مقبول گجر، سیکرٹری ٹیوٹا محمد یونس میر، معاون خصوصی ہمراہ وزیراعظم لائبہ کوثر اور کوآرڈینیٹر ہمراہ وزیراعظم طارق قریشی بھی موجود تھے۔

بقیہ 19

ثبوت دیا ہے وہ میرے لیے قابل فخر ہے۔ بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے اٹل موقف کے ساتھ کھڑا رہا، پرامن انتخابات کے انعقاد میں ریاست کے لوگوں نے ثابت کیا کہ ہم پرامن ہیں ۔ بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے اختیارات نچلی سطح پر منتقل ہوں گے۔ بلدیاتی الیکشن سیاسی قیادت کی نرسری ہے جہاں سے نئی قیادت سامنے آتی ہے، ہم نے نامساعد حالات کے باوجود آزاد کشمیر بھر میں 31 سال کے بعد پرامن بلدیاتی الیکشن کروائے۔ بدقسمتی سے ماضی کی حکومتوں نے سپورٹس کے شعبہ پر توجہ نہ دی جس کی وجہ سے آزاد کشمیر اندر اچھے گراؤنڈ نہ بن سکے۔ ہماری حکومت پورے آزاد کشمیر میں نوجوانوں کو سپورٹس کی سرگرمیوں کے لیے اچھے گراؤنڈ اور بنیادی سہولیات فراہم کریں گے تاکہ یہاں کے باصلاحیت نوجوان کھلوں کے میدان میں بھی آزاد کشمیر کا نام روشن کریں۔ صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے کھیلوں کی سرگرمیاں انتہائی ضروری ہے۔ کھلاڑی کے حوصلہ افزائی کے لیے سالانہ ڈھائی کروڑ روپے انعامی رقم دیں گے۔ خورشید الحسن خورشید سٹیڈیم کو آزاد کشمیر سپورٹس بورڈ کی نگرانی میں دیں گے ۔ ان خیالات کا وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان نے خورشید الحسن خورشید سٹیڈیم مظفرآباد میں فلڈ لائٹس کی تنصیب و تزئین و آرائش کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ خورشید الحسن خورشید سٹیڈیم مظفرآباد کے اچھے خورشید کے نام کے ساتھ منسوب ہے اس کی تعمیر کا باقی کام جلد مکمل کیا جائے گا تاکہ نوجوانوں کو کھیل کے مواقع فراہم آسکیں، بدقسمتی سے ماضی کی حکومتوں نے کھیل کے سرگرمیوں اور گراؤنڈ کی تعمیر کے حوالے سے کام نہیں کیے، جس پر ہماری حکومت کام کر رہی ہے، انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت کی اولین ترجیح نوجوانوں کو روزگار، صحت اور تعلیم کی سہولت فراہم کرنا ہے جس معاشرے میں گراونڈ آباد ہوتے ہیں وہاں کے ہسپتال ویران ہو جاتے ہیں ایک صحت مند جسم کے اندر صحت مند دماغ ہوتا ہے جب ہمارا نوجوان صحت مند اور جسمانی طور پر مضبوط ہوگا تب ہمارا معاشرہ بہترین سوچ سے ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکے گا، انتظامیہ اور متعلقہ محکمہ جات کو ہدایت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گراونڈ کے باقی کام کو فلفور مکمل کیا جائے گراونڈ میں گراس اور لیول کیا جائے۔ عمران خان کے ویژن اور منشور کے مطابق آزاد کشمیر کو فری کرپشن سٹیٹ بنائیں گے ۔ آپ کے تمام تر حکومتی وسائل کو آپ کی فلاح و بہبود کیلئے خرچ کیا جائے گا۔ نوجوانوں کو موبائل فون کے استعمال کے بجائے اپنی توجہ تعلیم، کھیل اور تفریح میں صرف کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت آزاد کشمیر مشکل حالات کے باوجود تعمیر وترقی کا سفر جاری رکھے ہوئے ہے۔ عوام کو ان کی بنیادی سہولیات صحت، تعلیم اور روزگار کی فراہمی کے لیے تمام تر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ افتتاحی تقریب کے موقع پر ایک نمائشی میچ کا انعقاد کیا گیا جس میں جیتنے والی ٹیم کیلئے 10 لاکھ اور رنر اپ کیلئے 6 لاکھ روپے کا اعلان کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سینئر وزیر و وزیر لوکل گورنمنٹ ودیہی ترقی خواجہ فاروق احمد نے کہا کہ مظفرآباد میں کھیل کے فروغ کے لیے گراونڈ بنا رہے ہیں خورشید الحسن سٹیڈیم کی تزئین و آرائش کا کام ریکارڈ مدت کے اندر مکمل کیا گیا جس پر 1 کروڑ 8 لاکھ روپے لاگت آئی۔ انہوں نے کہا کہ عیدگاہ گراونڈ اور گرلز ہائی سکول گراونڈ کا کام اپنے آخری مراحل میں ہے۔ تھیوری پارک پر کام شروع ہے جن کو جلدی مکمل کر لیا جائے گا۔ ہماری خواہش ہے کہ مظفرآباد کے لوگوں کو کھیلوں کی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ سیر وتفریح کے مواقع فراہم ہوں۔ نوجوان کسی ملک اور قوم کا قیمتی اثاثہ ہوتے ہیں ہمارا منشور تعلیم، صحت اور روزگار شامل ہے ہم آزاد کشمیر کے نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار کے مواقع فراہم کریں گے۔ اس موقع پر ڈپٹی سپیکر قانون ساز اسمبلی چوہدری ریاض احمد گجر، وزیر حکومت چوہدری محمد مقبول بھی ان کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 20

اطلاعات نے مزید کہا کہ کابینہ ڈویژن کے نام سے جاری کردہ مجوزہ خط کا حقیقت سے تعلق نہیں اور ہر شہری کی ذمہ داری ہے کہ ایسی خبروں کو مسترد کرے

بقیہ 21

کا اظہار سردار جمیل صفدر سیکرٹری ٹرانسپورٹ اتھارٹی آزاد کشمیر نے تحکمانہ میٹنگ کے بعد ٹرانسپورٹرز کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں پبلک سروس گاڑیوں میں اوور لوڈنگ کے خاتمے کے لیے قانون سازی کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کھٹارہ گاڑیوں کا خاتمہ کیا جارہا ہے، نئی جدید گاڑیوں کو تمام اضلاع میں چلانے کی اجازت ہوگی۔ ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کی جائے گی جو پرانی گاڑیاں چلانے کے علاوہ حادثات کا باعث بن رہے ہیں۔ چیئرمین ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی نگرانی میں اصلاحات جاری ہیں جلد ہی عوام کو خوشخبری ملے گی۔

بقیہ 22

ہوسکتی۔ ایک نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا عمران خان کا بیانیہ فتنہ اور فساد پر قائم ہے، جو کہے مخالفین کے ساتھ بیٹھ کر بات نہیں کرسکتا، جو کہتا ہے کہ مخالفین کے ساتھ بیٹھنے سے بہتر ہے مر جاؤں، ایسے میں کیا معاملات آگے بڑھ سکتے ہیں۔ پنجاب اسمبلی کی تحلیل کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر داخلہ کا کہنا تھا پنجاب اسمبلی کوئی کھیل تماشا نہیں ہے، ملک کی اس صورتحال کا حل الیکشن نہیں بلکہ چارٹر آف ڈیموکریسی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک ایسا سیاستدان پیدا کیا گیا ہے جو اب ملک کے گلے پڑا ہے، عمران خان نے نیب کا بے دریغ استعمال کیا، جب تک ملکی سیاست میں عمران خان کا وجود ہے لڑائی ختم نہیں ہو سکتی۔ وفاقی دارالحکومت میں ہونے والے خودکش حملے سے متعلق سوال پر وزیر داخلہ نے کہا کہ اسلام آباد میں خودکش حملہ کرنے والے کے پیچھے بہت بڑا نیٹ ورک نہیں تھا، یہ لوگ کرم ایجنسی سے آئے، ٹیکسی کرائے پر لی گئی تھی، ٹیکسی ڈرائیور اس واقعے میں ملوث نہیں تھا۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ ہینڈلرز نے حملہ آور کو اسلام آباد پہنچایا، ہدف تھا اسلام آباد میں جہاں کچھ لوگ اکٹھے ہوں یا کسی آفس کے سامنے حملہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اسلحے سے بھری گاڑی والی بات درست نہیں تھی، گاڑی جس طرح دھماکے سے اڑی اس سے لگا کہ گاڑی میں اسلحہ تھا لیکن اس میں بارود موجود نہیں تھا۔

بقیہ 23

خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ عباس پور کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ حکومت آزاد کشمیر میں صحت، تعلیم تعمیرات کے شعبوں میں دلچسپی لیتے ہوئے اصلاح احوال کرے ہسپتالوں کے اندر ادویات کی فراہمی کو یقینی بنائے، سکولز اور کالجز جن کی بلڈنگ جو زلزلہ سے تاحال زیر تعمیر ہیں ان کو فوری طور پر مکمل کرے انہوں نے کہا کہ بلدیاتی اداروں کے نمائندوں سے اسی وقت استفادہ کیا جاسکتا ہے کہ ان کی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے تعمیر وترقی کا کام شروع کیا جائے بلدیاتی نمائندوں کے ذریعے نچلی سطح تک اختیارات اور وسائل منتقل کیے جائیں گے تو ان کا درست استعمال ہونے کی صورت میں عوام کے مسائل ان کے گھروں کی دہلیز پر حل ہوں گے۔

بقیہ 24

اسمبلی آف اسلم یوتھ کے چیئرمین سابق سیکرٹری جنرل سپریم کورٹ بار اسلم زار ایڈووکیٹ کی طرف سے دیئے گئے عشائیہ میں شرکت کی۔ عشائیہ سے خطاب کرتے ہوئے صدر مسلم کانفرنس نے کہا کہ مسئلہ کشمیر حل نہ ہونے کی وجہ سے جنوبی ایشیاء تباہی کے دھانے پر کھڑا ہے۔ عالمی طاقتوں نے حالات کی سنگینی کا احساس نہ کیا تو خطہ کسی بڑی تباہی کا شکار ہوسکتا ہے۔ کشمیر اور پاکستان کا تعلق اٹوٹ ہے۔ جب بھی کشمیری کسی مشکل سے دوچار ہوتے ہیں تو پاکستان ہی ان کا واحد سہارا ہوتا ہے۔ آج بھی پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جو ہر سطح پر کشمیریوں کی مدد کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کو مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے فعال کردار ادا کرنا ہوگا۔ اس کے سوا جنوبی ایشیاء میں امن کا خواب پورا نہیں ہوسکتا۔ ہندوستان نے دفعہ 370 اور 35 اے کو ختم کردیا عالمی طاقتوں کو اس کا نوٹس لینا چاہیے۔ خطہ میں کشیدگی کو روکنے کے لئے عالمی طاقتوں کو آگے بڑھنا چاہیے۔ مسلم کانفرنس کشمیر کی آزادی اور تشخص کی ضامن ہے۔ مسلم کانفرنس نے کشمیری عوام کی آزادی، عزت اور وقار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا۔ آزاد کشمیر بہادروں، مجاہدوں اور غازیوں کی سرزمین ہے۔ اس کا چپہ چپہ خون شہیداں سے سرخ ہے۔ کشمیری عوام دشمن کی جارحیت کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

بقیہ 25

کوالٹی انڈیکس کی سب سے زیادہ شرح فیروز پور روڈ میں ریکارڈ ہوئی ، صبح سویرے شہر کا اوسط ائیر کوالٹی انڈیکس 204 ریکارڈ کیا گیا، لاہور کے علاقے ایف سی کالج میں ایئر کوالٹی انڈیکس کی شرح 330 ریکارڈ کی گئی تاہم اس وقت فیروز پور روڈ کے اطراف میں ایئر کوالٹی انڈیکس کی سب سے زیادہ شرح 446 ریکارڈ کی گئی۔ علاوہ ازیں ڈیفنس کے علاقے میں آلودگی کی شرح 246 جبکہ شملہ پہاڑی کے اطراف میں 394 ریکارڈ کی گئی۔ درجہ بندی کے مطابق 151 سے 200 درجے تک کہ آلودگی مضر صحت ہوتی ہے جبکہ 201 سے 300 درجے تک کی آلودگی کا شمار انتہائی مضر صحت میں ہوتا ہے

بقیہ 26

سال کی کارکردگی ہمارے دور کا ایک پیدل پل مکمل کرنا ہے ہمارے دور میں ریاست پاوں پر کھڑی تھی میرٹ تھا پورے آزاد کشمیر بھر میں عوامی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری تھا ایک سال میں پوری ریاست کو ڈی ٹریک کر دیا گیا سفارشی کلچر کی بحالی، ترقیاتی منصوبوں کو سیاست کی نذر کرنے ،سیاحت، تعلیم، صحت پر عدم توجہی کے باعث ہمارے 5 سالوب میں جو کامیابیاں سمیٹی تھیں وہ سب رائیگاں جاتی نظر آرہی ہیں جس کے بھیانک نتائج سامنے آئیں گے اسلام آباد میں سرکاری ٹیلی ویژن کو انٹرویو اور مختلف علاقوں سے آنے والے وفود سے بات چیت کرتے ہوئے راجہ محمد فاروق حیدر خان نے کہا کہ آزاد کشمیر کی 45 لاکھ آبادی ہے کوئی بڑی انڈسٹری نہیں ہے سیاحت کو ترقی دیکر بے روزگاری کو کم کیا جاسکتا ہے جس کے لیے بنیادی شرط انفراسٹرکچر تھا جس پر ہم نے فوکس کیا قائد مسلم لیگ ن محمد نواز شریف کی خصوصی شفقت سے ہمارا ترقیاتی بجٹ دوگنا ہوا جس کے ثمرات عوام تک پہنچے میرٹ پر جب ملازمت ملے گی تو لوگ سفارشی کلچر سے باہر نکلیں گے لیکن ڈیڑھ سال سے پھر لوگوں کا سفارش کے پیچھے لگا دیا گیا خطے کو بین الاقوامی سیاحتی مرکز بنایا جاسکتا ہے روزگار کے بہت بڑے مواقع فراہم ہوسکتے ہیں

بقیہ 27

ڈیزائن کے بڑے سائز والے بینک نوٹوں کے تبادلے کی مقررہ آخری تاریخ 31 دسمبر 2022ء ہے۔ یہ بینک نوٹ صرف اسٹیٹ بینک کے ذیلی ادارے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (بی ایس سی) کے فیلڈ دفاتر سے تبدیل کروائے جاسکتے ہیں۔ عوام کو سہولت دینے کی غرض سے ایس بی پی-بی ایس سی کے فیلڈ دفاتر جمعہ 30 دسمبر 2022ء اور ہفتہ 31 دسمبر 2022ء کو رات 8 بجے تک کھلے رہیں گے۔ عوام سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ 10، 50، 100 اور 1000 روپے کے پرانے ڈیزائن کے بڑے سائز والے بینک نوٹ 31 دسمبر 2022ء تک یا اس سے قبل تبدیل کرالیں۔ درج بالا مقررہ تاریخ گزر جانے کے بعد یہ نوٹ تبدیل نہیں کروائے جاسکیں گے۔

بقیہ 28

نقد کرانے کا ایک اور موقع فراہم کرتے ہوئے اس کی تاریخ میں 30 جون 2023ء تک توسیع کردی تھی۔ قبل ازیں حکومت نے ان پرائز بانڈز کو نقد کرانے کے لیے 30 جون 2022ء کی تاریخ مقرر کی تھی تاہم جو لوگ مقررہ مدت میں یہ پرائز بانڈز تبدیل نہیں کر اسکے انہیں آخری موقع فراہم کرتے ہوئے اس کی تاریخ میں 30 جون 2023ء تک توسیع کردی گئی۔ مذکورہ پرائز بانڈز کے سرمایہ کاروں کو انہیں نقد کرانے یا تبادلے کے لیے ظاہری مالیت پر نقد کرانا، ان بانڈز کی 25,000 روپے اور/یا 40,000 روپے کے پریمیم پرائز بانڈز (رجسٹرڈ) میں منتقلی، انہیں اسپیشل سیونگز سرٹیفکیٹس یا ڈیفنس سیونگ سرٹیفکیٹس میں بدلنے کے آپشنز رکھے گئے ہیں، ان پرائز بانڈز کا تبادلہ ملک بھر میں ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے دفاتر اور کمرشل بینکوں کی برانچوں سے 30 جون 2023ء تک کیا جاسکتا ہے۔ اسٹیٹ بینک نے اس ضمن میں کمرشل بینکوں کو توسیع شدہ تاریخ تک پرائز بانڈز نقد کرانے یا ان کا تبادلہ کرنے کی درخواستیں قبول کرنے کے حوالے سے ضروری ہدایات جاری کردی ہیں۔ ان بانڈز کو رکھنے والے افراد کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اس آخری موقع سے فائدہ اٹھائیں اور اپنی ہولڈنگز کو 30 جون 2023ء سے قبل تبدیل کرالیں۔ اس توسیع شدہ ڈیڈ لائن کی میعاد ختم ہونے کے بعد مذکورہ پرائز بانڈز کو نقد یا ان کا تبادلہ نہیں کرایا جاسکے گا، اور یہ قابل استعمال نہیں رہیں گے۔

بقیہ 29

جس کے باعث طبی سہولیات کے اداروں پر دباو بڑھ گیا اور عملے کی کمی کا سامنا ہے۔ یومیہ کیسز میں اضافے کے باعث اسپتالوں اور مردہ خانوں میں جگہ کم پڑ گئی۔ ایمرجنسی اور انتہائی نگہداشت کے وارڈز میں بستر کم پڑ گئے۔ مریض ایک اسپتال سے دوسرے اسپتال کے چکر لگانے پر مجبور ہوگئے۔ چین میں کورونا کی نئی شکل کا ویریئنٹ تیزی سے دیگر ممالک میں بھی پھیل رہا ہے جس کے باعث کئی ممالک چین پر سفری پابندیوں کے قوانین کے نفاذ پر غور کر رہے ہیں۔ چین میں شدید عوامی دباو اور احتجاج پر کورونا زیرو ٹالیرنس پالیسی میں کچھ نرمی کی گئی تھی جس کے بعد اس مہلک وائرس کے پھیلاو میں تیزی سے اضافہ دیکھا گیا ہے اور ایک دن میں لاکھوں افراد متاثر ہورہے ہیں۔ چین نے سرکاری سطح پر یومیہ کیسز کی تعداد بتانے سے گریز کیا ہے تاہم عالمی خبررساں ادارے کے نمائندے نے ایمبولینس ڈرائیورز اور طبی عملے سے بات کی جس نے بتایا کہ ان دنوں مریضوں کی تعداد بہت زیادہ ہوگئی ہے۔ نمائندے نے قبرستانوں کا بھی دورہ کیا جہاں معمول سے کہیں زیادہ میتیں لائی جارہی ہیں جو زیادہ تر کورونا کے باعث ہلاک ہوئے تھے اور تمام احتیاطی تدابیروں کے ساتھ آخری رسومات ادا کی جارہی تھیں۔ قبرستانوں کے انتظام سے منسلک ایک شخص نے عالمی خبررساں ادارے کے نمائندے کو بتایا کہ اتنی زیادہ تعداد میں اموات ہوئی ہیں کہ کئی قبرستانوں میں ایک سال تک نئی جگہ ملنے کا امکان نہیں۔ گورکن کا کہنا تھا کہ اوسطا دن میں 200 مردوں کو دفنا رہے ہیں۔ کھانا کھانے کا بھی وقت نہیں مل رہا ہے۔ صورت حال بہت پریشان کن ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق کورونا سے ہونے والی ہلاکتوں سے متعلق چین کی حکومت سے ای میل کے ذریعے معلومات مانگیں لیکن کوئی جواب نہیں آیا۔۔۔

بقیہ 30

جاتی ہے کہ جس شعبہ میں جانوروں کے علاج کے متعلق پڑھایا جاتا ہے اسی شعبہ میں انسانوں کی صحت کی تعلیم کیسے دی جاسکتی ہے اور کسی بھی جگہ یہاں سے جاری کی گئی ڈگری کی حیثیت کیا ہوگی اور اسے کس حد تک تسلیم کیا جائے گا، مختلف مکاتب فکر کے افراد سردار ناصر خان، محمد جمیل، زاہد حسین، سردار محمد طالب، سردار اجمل اور دیگر نے کہا ہے کہ یونیورسٹی انتظامیہ کو فوری اس مسئلہ کا حل نکالنا چاہیے اور اس شعبہ کو کم از کم اس فیکلٹی میں منتقل کیا جائے جہاں انسانی صحت کے متعلق تعلیم دی جاتی ہو، اس شعبہ کو ہیلتھ سائنسز میں منتقل کر کے تحفظات دور کئے جائیں اس حوالہ سے شعبہ پیتھو بائیالوجی کے ایچ او ڈی ڈاکٹر شہزاد اکبر سے جب رابطہ کیا گیا تو ان کا کہنا تھا کہ ہمارے پاس بہترین لیبارٹریز ہیں اور ماہر اساتذہ ہیں جو کہ بچوں کو تعلیم دے رہے ہیں اور جس معیار کے اساتذہ ہمارے پاس ہیں وہ ہیلتھ سائنسز والوں کے پاس نہیں اور نہ ہی ان کے پاس مائیکرو بائیالوجی، پیتھالوجی کے اساتذہ ہیں، دوسری بات یہ کہ کسی بھی جگہ پر ڈگری پر کوئی سوالیہ نشان نہیں اٹھایا جائے گا۔

بقیہ 31

کروڑ روپے کا ریکارڈ بجٹ پیش کیا ہے .وفاقی حکومت نے ہمارے فنڈز پر کٹ لگایا جس پر صدائے احتجاج بلند کرتے ہیں . وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ وہ مالی مشکلات کے باوجود محکمہ تعلیم کے جملہ مسائل حل کرنے کے لیے کوشاں ہیں . ظفر اقبال ملک نے کہا کہ کیپٹن حسین خان شہید پوسٹ گریجویٹ کالج ایک تاریخی اور مثالی ادارہ ہے پورے آزاد کشمیر میں اس کی نمایاں حیثیت ہے، ان خیالات کا اظہار وزیر ہائیر ایجوکیشن نے یہاں راولاکوٹ میں کیپٹن حسین خان شہید کالج کے ساتھ نئے بلاک کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھنے اور ڈسٹرکٹ کمپلیکس راولاکوٹ میں غازی ملت پبلک لائبریری کا افتتاح کے بعد منعقدہ تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر سیکریٹری ہائیر ایجوکیشن خالد مرزا، ڈی پی آئی کالجز خواجہ عبدالرحمن، ڈائریکٹر پلاننگ ہائیر ایجوکیشن راجہ شاہد محمود بھی وزیر ہائیر ایجوکیشن کے ہمراہ تھے ظفر اقبال ملک نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ تعلیمی اداروں کو سیاست سے پاک کریں گے .ہماری حکومت نے تعلیم کی بہتری پر خصوصی توجہ دے رہی ہے تا کہ سرکاری اداروں سے بہترین قوم کے معمار تیار ہوسکیں .وزیر ہائیر ایجوکیشن نے کہا کہ وفاقی حکومت ہمارے فنڈز روک کر کشمیریوں کے ساتھ زیادتی کر رہی ہے کشمیری پاکستان کی جغرافیائی اور نظریاتی سرحدوں کے بلا تنخواہ سپاہی ہیں، تقریب سے سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن خالد مرزا، ڈی پی آئی کالجز خواجہ عبدالرحمن، ڈائریکٹر پلاننگ ہائیر ایجوکیشن راجہ شاہد محمود، پرنسپل کالج ڈاکٹر ممتاز صادق سمیت دیگر نے بھی خطاب کیا

بقیہ 32

منعقد ہوگا جو کہ قابل تحسین ہے۔ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کے قیام سے ملک بھر میں میڈیکل پروفشن کے معیار میں بہتری آئے گی۔

بقیہ 33

تنظیموں کے عہدیداران سمیت عوام علاقہ کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی، سینٹری انسپکٹر میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ سردار محمد رحیم خان، محکمہ برقیات کے آفیسر سردار عتیق اسلم، حاجی سردار نواز حیات خان نے مرحوم کی وفات اور ہورنہ میرہ سے تعلق رکھنے والے سردار منشی خان مرحوم کی اموات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے لیے دعائے مغفرت اور جملہ لواحقین سے اظہار ہمدردی کیا ہے۔

بقیہ 34

کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ عوامی حلقوں نے چوہدری عبدالشکور اور ان کی پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ عوام کو سہولیات دینے کے لیے ہمہ وقت کوشاں رہتے ہیں۔ کچھ عناصر سستی شہرت حاصل کرنے کے لیے ان کی ساکھ خراب کرنے کی کوشش کررہے ہیں، جس کا حقائق سے کوئی تعلق نہیں۔

بقیہ 35

ماہر قانون زائد اکرم ایڈووکیٹ، نیشنل لبریشن موومنٹ کے مرکزی صدر سردار یونس خان بنازی، جے کے پی پی کے سردار تسلیم عباسی، سابق صدر لبریشن لیگ میر عبداللطیف ایڈووکیٹ، مسلم کانفرنس کے سجاد عباسی، تحریک انصاف کے پرویز زرگر، الطاف بٹ، نیشنل میڈیا فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کے مرکزی ایڈوائزر رسید برکت حسین شاہ، راجہ ساحل خان ایڈووکیٹ، نیشنل میڈیا فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات راجہ بشیر اللہ خان، پہلا قدم کے چیئرمین قاضی تنویر، مظہر خان ودیگر نے خطاب کیا، تقریب میں نیشنل میڈیا فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کے مرکزی نائب صدر ارشاد عباسی، ڈی ایس او نیلم شاہد محمود سواتی، نیشنل میڈیا فاؤنڈیشن ضلع مظفرآباد کے سیکرٹری جنرل افتخار عباسی، نیشنل میڈیا فاؤنڈیشن ضلع مظفرآباد کے سینئر نائب صدر جاوید میر، نیشنل میڈیا فاؤنڈیشن ضلع مظفرآباد کے راجہ شہزاد، نیشنل میڈیا فاؤنڈیشن ضلع مظفرآباد کے راجہ بشارت، شہدائے وطن میڈیا سیل کے انچارج آغا سفیر کاظمی، شاعر سید یاسر عباس، صحافی ہارون قریشی، نیشنل میڈیا فاؤنڈیشن ضلع مظفرآباد کے سلیم قریشی، نیشنل میڈیا فاؤنڈیشن ضلع مظفرآباد کے نعیم خان، کمانڈر ناظم الدین شیخ، ہارون قریشی، قاری طفیل، اخلاق بٹ، اکبر مغل، اسرار گیلانی، جاوید اعوان، رابعہ عزیز، انعم، و دیگر نے تقریب میں شرکت کی۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک مجید کی تحریک آزادی کشمیر کے لئے شاندار خدمات ہیں، ملک مجید کے انتقال سے تحریک آزادی کشمیر کو ناقابل تلافی نقصان ہوا، تحریک آزادی کا ایک قیمتی باب بند ہوگیا، مقررین کا کہنا تھا کہ نیشنل میڈیا فاؤنڈیشن آزاد کشمیر مبارک باد پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے عظیم رہنماء کا تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کرکے ان کی خدمات نئی نسل تک منتقل کرنے کی کوشش کی نیشنل میڈیا فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کے مرکزی صدر گلشاد احمد بٹ نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور اس بات کا اعلان کیا کہ نیشنل میڈیا فاؤنڈیشن ائندہ بھی قومی ہیروز کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے ایسے سیمنار کا انعقاد کرے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ نیشنل میڈیا فاؤنڈیشن آزاد کشمیر بغیر حکومتی سرپرستی اور بغیر سرکاری فنڈنگ کے ایسی تقریبات کا انعقاد کررہی ہے۔

بقیہ 36

تحریک انصاف عمران خان اور سابق وزیراعظم آزاد کشمیر سردار عبدالقیوم نیازی کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا، قبل ازیں سابق وزیراعظم سردار عبدالقیوم نیازی کا ڈاکٹر چوہدری رشید کی رہائش گاہ پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا گیا، اس موقع پر سابق وزیراعظم سردار عبدالقیوم نیازی نے کہا کہ میں سیاست نہیں، ریاضت پر یقین رکھتا ہوں، ہمیشہ عوام کی خدمت کی، بیروزگاری، غربت اور مہنگائی نے عوام کو کا جینا محال کر دیا، بطور وزیراعظم سستی اور معیاری تعلیم کیلئے نئے اداروں کا قیام اور تعلیمی ریفارمز کا آغاز کیا، آزاد کشمیر کی تاریخ کے میگا پروجیکٹس کشمیر ہائی وے، لیپا ٹنل، لوار گلی ٹنل، مانسہرہ موٹروے، مظفرآباد شاہ سلطان برج، سی ایم ایچ مظفرآباد فلاحی اوور، کوٹلی بگ سٹی، سہنسہ واٹر سپلائی سکیم، راٹھوعہ برج، بلدیاتی الیکشن سمیت کئی تاریخی منصوبوں پر کام کیا، انہوں نے کہا کہ حلقہ ایل اے 18، عباسپور آزاد کشمیر کا پسماندہ ترین علاقہ ہے، حلقے کا ایک بڑا حصہ ایل او سی پر واقع ہے لیکن گزشتہ دو حکومتوں کے دوران ایک بھی صحت کا بنیادی یونٹ نہ دیا جا سکا، سڑکیں کھنڈر کا منظر پیش کر رہی ہیں، تعلیمی اداروں کی چھت تک نہیں، بچے کھلے آسمان تلے تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں، انہوں نے کہا کہ ٹوٹی نلکے کی سیاست پر نہیں بلکہ نسلوں کے منصوبوں پر یقین رکھتا ہوں، عباسپور کو وہ منصوبے دیے جو نسلوں کیلئے ضروری تھے، سابق وزیراعظم نے کہا کہ انتقامی سیاست پر یقین رکھتا ہوں نہ ہی بھی انتقام لیا، سیاست میں رواداری کو فروغ دیا، نوماہ وزارت عظمیٰ کے منصب پر رہا لیکن لوگ یاد کرتے ہیں، آزاد کشمیر کے مختلف اضلاع جانا لگا رہتا ہے لوگ کہتے ہیں، آپ کا دورہ یاد آتا ہے، عوام کی خدمت کی جس کا صلہ آج بھی مل رہا ہے، تحریک انصاف آزاد کشمیر میں شمولیت اختیار کرنے والے نومنتخب لوکل کونسلر چوہدری رشید نے کہا کہ تاحیات پاکستان تحریک انصاف آزاد کشمیر کا کارکن بن کر چلوں گا، تحریک انصاف پاکستان کی مقبول ترین جماعت بن چکی، عمران خان کا ویژن ہی پاکستان کی خوشحالی و ترقی کی ضمانت ہے، سردار عبدالقیوم نیازی نے عباسپور کی تاریخ میں سب سے بڑے میگا پروجیکٹس دیے، عباسپور کی تاریخ و نقشہ بدل چکا، سردار عبدالقیوم نیازی کی قائدانہ صلاحیتوں کو سلام پیش کرتا ہوں، پوری زندگی سردار عبدالقیوم نیازی کا بازو بن کر چلوں گا، ماضی میں یہاں سے منتخب ہونے والے نمائندے نے مایوس کیا، کام کیا نہ ہی کوئی پروجیکٹ دے سکے، اس موقع پر تحریک انصاف آزاد کشمیر کے مقامی قائدین، نومنتخب لوکل کونسلرز، کارکنان کی ایک بڑی تعداد بھی موجود تھی۔

بقیہ 37

مری ٹریفک پولیس کے مطابق برفباری کے سیزن میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لئے 270 سے زائد اہلکار تعینات کئے گئے جبکہ نوپارکنگ کا خاتمہ کرکے سیاحوں کی مدد کے لیے 5 لفٹر اور ایک کرین مہیا کی گئی۔ ٹریفک پولیس کا بتانا ہے کہ دوران موسم سرما برفباری سیزن میں 5 شاہراہیں ون وے قرار دی گئیں اور مری مال روڈ پر ٹریفک کے داخلے پر پابندی عائد کی گئی جبکہ سیاحوں کی سہولت اور بروقت مدد کے لئے سنی بینک چوک میں ٹریفک کنٹرول روم قائم کیا گیا، دوران برفباری تمام داخلی راستوں پر چیکنگ چوکیاں قائم کی جائیں گی۔ ٹریفک پولیس کا کہنا ہے کہ مکینیکلی فٹ گاڑی اور لائسنس ہولڈر ڈرائیور کو مری میں داخلے کی اجازت ہوگی، سیاحتی مقام مری میں تقریبا 4 ہزار کے قریب پارکنگ کی گنجائش ہے، دوران برفباری ہیوی گاڑیوں کو مخصوص اوقات میں مری داخلہ کی اجازت ہوگی۔

بقیہ 38

سید ذوالفقار علی شاہ اسٹنٹ فوڈ سیفٹی آفیسر آصف ریاض چوہدری منظم اکرم ودیگر عملہ نے شہر کے مختلف میرج ہالز اور پکوائی سینٹرز کا معائنہ کیا اور ہزاروں روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا جبکہ متعدد پکوائی سینٹرز فاسٹ فوڈز اور میرج ہالز کو صفائی ستھرائی کی سخت ترین ہدایات دی گئیں اور اصلاحی نوٹسز جاری کئے گئے اس موقع پر ہیڈ ڈسٹرکٹ فوڈ سیفٹی آفیسر نے اصلاحی نوٹسز کے حامل افراد کو خبردار کیا کہ آئندہ چیکنگ کے موقع پر کمی کوتاہی پائی گئی تو سخت ترین کارروائی جو بھاری جرمانے اور کاروبار کی بندش بھی ہوسکتی ہے انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ سیکرٹری خوراک کی جانب سے خوراک کے دفاتر کے باہر شکایات بکس موجود ہیں اپنی شناخت کے ساتھ شکایات لکھ کر بکس میں ڈالیں ان شااللہ سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 39

میں اپنا کردار ادا کریں ،اسلامی جمعیت طلبہ پوری امت کا اثاثہ ہے نوجوانوں کی سیرت و کردار کی تعمیر کا واحد ادارہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلامی جمعیت طلبہ کی یوم تاسیس کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا ،انہوں نے کہا کہ آزاد خطے میں آبادی کا 65 فیصد نوجوان ہیں جو صحت مند معاشرے کی دلیل ہیں نوجوان ہمارا مستقبل ہیں اسلامی جمعیت طلبہ کے نوجوان آزاد کشمیر کے تمام کالجز اور جامعات میں پہنچ کر نوجوانوں کو اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کی دعوت دیں، مغربی تہذیبی یلغار سے ہمارے نوجوان بے راہ روی کا شکار ہورہے ہیں اسلامی جمعیت طلبہ واحد طلبہ تنظیم ہے جو نوجوانوں کو اسلامی تہذیب اپنانے کی طرف راغب کررہی ہے دنیا میں جہاں بھی انقلاب تبدیلی یا آزادی کی تحریک کامیاب ہوئی اس میں نوجوانوں نے اہم کردار ادا کیا آزاد خطے کے اندر نظام کی تبدیلی اور کشمیر کی آزادی کے لیے نوجوان کردار ادا کریں۔

بقیہ 40

برداری سے خطاب کرتے ہوئے نومنتخب صدر فیملی پلاننگ ایسوسی ایشن آف پاکستان راجہ محمد رزاق ایڈووکیٹ نے کہا کہ مملکت پاکستان میں سماجی ومعاشی بہتری اور پائیدار ترقی کا حصول سب سے بڑا چیلنج ہے۔ وفاقی وصوبائی اور ودیگر حکومتوں کے ساتھ ملکر آبادی کو منظم کرتے ہوئے ملک پاکستان کو درپیش چیلنجز سے نکالنے کے لیے اپنا بھر پور کردار ادا کریں گے۔ بین الاقوامی ڈویلپمنٹ پارٹنرز کے ساتھ بامقصد تعاون اور اشتراک قائم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ درپیش چیلنجز کوکوئی بھی حکومت ازخود حل نہیں کر سکتی ہے، لہذا اس سلسلہ میں سول سوسائٹی آرگنائزیشنز کو آگے بڑھنا ہوگا۔ نومنتخب صدر راجہ محمد رزاق خان ایڈووکیٹ نے پاکستان میں ایسوسی ایشن کے دو ہزار سے زائد ملازمین کو ایک ماہ کی تنخواہ بطور بونس دینے کا بھی اعلان کیا۔ راجہ رزاق صاحب بطور صدر FPAP پاکستان 18 جنوری تا 21 جنوری 2023 تین دن کے سرکاری دورہ پر نیپال روانہ ہوں گے، جہاں ایشیائی ممالک کو حائل چیلنجز کے حوالہ سے ایک کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ وفاق اور صوبوں کے سینئر آفیسران بھی دورہ کرنے والے وفد میں شامل ہوں گے۔ اس دورہ کے تمام اخراجات بین الاقوامی آرگنائزیشن برداشت کرے گی۔ راجہ محمد رزاق خان ایڈووکیٹ پاکستان کی سب سے بڑی سول سوسائٹی آرگنائزیشن کے فیڈرل ریجن (اسلام آباد، آزاد کشمیر اور GB) سے منتخب ہونے والے پہلے صدر ہیں۔

بقیہ 41

وزیرداخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ 13 پارٹیاں اور ان کے ہم نوا عمران خان کو دھمکی سے اسمبلی بلاکر معاشی تباہی میں شریک کرنا چاہتے ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر بیان میں شیخ رشید نے کہا کہ سنگین معاشی حالات قومی سلامتی کا مسئلہ بن گئے ہیں 260 کا ڈالر اور 150 کلو کا آٹا غریب کو دھر جائیگا، 22 کروڑ کا ملک چلانے کے لئے خزانے میں بیس دن کے زرمبادلہ کے پیسے نہیں جس ملک میں ٹریول ایڈوائزری جاری ہوجائے وہاں سرمایہ کاری خاک ہوگی، بے نظیر کی برسی پر بلاول کی تقریر عمران خان سے شروع اور عمران خان پر ختم ہوئی

بقیہ 42

نے الخدمت فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کے صدر راجہ جہانگیر خان کی الخدمت فاؤنڈیشن کے پاکستان کے صدر ڈاکٹر حفیظ سے ملاقات ملاقات کی اس موقع پر صدر الخدمت فاؤنڈیشن آزاد کشمیر راجہ جہانگیر خان نے آزاد کشمیر میں ڈیزاسٹر منیجمنٹ ، آرفن کیئر پروگرام، اور ہیلتھ سروسز میں میگا پراجیکٹس کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا، صدر الخدمت پاکستان ڈاکٹر حفیظ نے میگا پراجیکٹس کے حوالے سے الخدمت آزاد کشمیر کے منصوبوں میں دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر کے دور افتادہ علاقوں میں الخدمت کی فلاحی سرگرمیاں ہماری ترجیح اول ہے۔

بقیہ 43

کیا تھا۔ مودی حکومت نے اپنے ایک آلہ کار اور پیپلز کانفرنس کے رہنما عمران افتخار انصاری کے اعتراض پر ایک حکمنامہ جاری کیا اور مذہبی پروگرام میں شرکت کرنے سے لوگوں کو روک دیا۔ قابض حکام نے 27 سے 29 دسمبر تک پٹن کے مختلف علاقوں میں سخت پابندیاں عائد کردیں اور لوگوں کے اجتماع کو غیر قانونی قرار دیا۔ یہ اقدام آزادی پسند رہنما مسرور عباس انصاری کے اثر و رسوخ کو کم کرنے اور عمران افتخار انصاری کی مدد کرنے کے لیے کیا گیا ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ اگست 2019 کے بعد قابض حکام مقبوضہ علاقے میں آزادی پسند قیادت کے خلاف ایک متوازی اور مخالف قیادت کھڑا کرنا چاہتے ہیں اور یہ حکمنامہ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

بقیہ 44

کے ٹکٹ پر 2018 میں سینیٹر منتخب ہوئے تھے۔ الیکشن کمیشن نے 2018 کے انتخابات میں کاغذات نامزدگی کے ساتھ دہری شہریت پر جھوٹا حلف نامہ جمع کروانے پر فیصل واوڈا کو نااہل قرار دیا تھا جس کے خلاف انہوں نے سپریم کورٹ میں اپیل دائر کی تھی۔ سپریم کورٹ نے فیصل واوڈا کو تاحیات نااہلی کیس میں دو آپشن دیے تھے۔ عدالت نے کہا تھا کہ اپنی غلطی تسلیم کریں اور (1)63 سی کے تحت نااہل ہوجائیں بصورت دیگر عدالت (1)62 ایف کے تحت کیس میں پیش رفت کرے گی۔ فیصل واوڈا نے اپنی غلطی تسلیم کرتے ہوئے سینیٹرشپ سے استعفی دے دیا تھا جس پر ان کی تاحیات نااہلی ختم ہوگئی تھی۔

بقیہ 45

نے سوالات کیے ہیں کہ تھرکول واٹر پراجیکٹ میں کتنی رقم خرچ ہوئی، اس کام کے بل کس نے پاس کیے، رقم کب اور کتنی جاری ہوئی، ٹینڈر کے عمل کی تفصیلات دی جائیں۔ محکمہ آبپاشی کی جانب سے ابھی تک کوئی ریکارڈ فراہم نہیں کیا گیا، مذکورہ منصوبے پر 2016-17 کے دوران رقم خرچ کی گئی۔

بقیہ 46

اظہار ہے۔ تعلیمی معیار کو بہتر بنا کر ہی ہم ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکتے ہیں جو قومیں تعلیم پر توجہ دیتی ہیں وہ معاشرے میں ترقی کرتی ہیں اگر ہم نے ترقی کرنی ہے تو معیار تعلیم کو بہتر بنانا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت آزاد کشمیر نے دینی مدارس کی امداد بڑھانے کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے۔ دینی مدارس اسلام کے قلعے ہیں ان قلعوں کو مضبوط کرنا ہوگا۔ وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس عمران خان کے ویژن کے مطابق آزاد کشمیر میں تعمیر وترقی کیلئے عملی کردار ادا کر رہے ہیں اور خطہ کشمیر میں تعلیمی جال بچھایا جارہا ہے۔ جہالت کے خاتمے اور ریاست کو تعمیر وترقی کی جانب گامزن کرنے کے لئے حکومت کے اقدامات قابل تقلید ہیں۔ گزشتہ تمام حکومتوں کی کارکردگی ایک طرف اور وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس کی کارکردگی ایک طرف۔ تنویر الیاس کی قیادت میں خطہ کشمیر ترقی کی منازل جس تیز رفتار سے طے کررہا ہے وہ قابل ستائش ہے اور کشمیری قوم سردار تنویر الیاس کی قیادت میں تحریک آزادی کشمیر کو منطقی انجام تک پہنچانے میں کامیاب ہوجائے گی

بقیہ 47

لاہور میں بندیاں میں پیر سید منظور گیلانی کے صاحبزادے سید مقصود گیلانی کی وفات پر ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

بقیہ 48

پھلدار پودہ جات کی شجرکاری اضافی ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تجدید ڈویژن کے آفیسران سے زبانی بریفنگ کے موقع پر شجرکاری کے حوالے سے کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی ہدایات کی روشنی میں 8 لاکھ پھلدار پودوں کی شجرکاری کے منصوبہ کو عملی جامع پہنانا ہم سب کی ذمہ داری ہے، اس سلسلہ میں محکمہ زراعت اور محکمہ جنگلات جاندار اور ٹھوس کردار ادا کرنے کے لیے فوری منصوبہ بندی کررہے ہیں۔ انہوں نے وزیراعظم آزاد کشمیر کے شجرکاری سے متعلق ویژن کا حوالہ دے کر کہا کہ یہ خطہ پھلدار پودہ جات کی شجرکاری کے لیے موزوں ہے اس سے نہ صرف صاف ستھرا ماحول میسر ہوگا بلکہ مقامی لوگوں کو روزگار کے بہترین مواقع بھی ملیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اخروٹ کا پھل پہلے سے بڑا منافع بخش ہے اسی طرح دوسرے پھلدار پودے بھی ریاست کے مختلف علاقوں میں وہاں آب وہوا کے اعتبار سے لگائے جائیں گے۔

بقیہ 49

بادشاہ نے کہا کہ وہ ونٹر اسنو فیسٹیول پہ حکومت کے ساتھ مل کر بڑا ایونٹ منعقد کروا رہے ہیں ایسے ایونٹ سیاحت کو پروموٹ کرنے سمیت مقامی لوگوں کو روزگار جیسے مواقع پیدا کرنے کے لیے سود مند ثابت ہوں گے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان نے ایم ٹی بی سی کے اقدامات کو سراہا اور اپنے مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان نے ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز سردار زرطیف بادشاہ کو عمرہ کی ادائیگی کی مبارک باد دی۔

بقیہ 50

اور مضافات میں جامعہ کشمیر کے پروفیسر واجد عزیز لون کی قیادت میں جانے والے وفد نے تقسیم کی ہے۔ جامعہ کشمیر کے وفد میں ڈاکٹر بشیر الرحمٰن کنٹھ، ڈاکٹر نازنین حبیب، ڈاکٹر حسن پرویز بانڈے، ڈاکٹر مدثر حبیب اعوان، ڈاکٹر خرم لطیف، میڈیکل ٹیکنیشن محمد افضال عباسی اور ذیشان چودھری شامل تھے۔ امدادی اشیاء کی تقسیم اور کشمور میں فری میڈیکل لگانے کے بعد مظفرآباد پہنچنے پر سیلاب ریلیف کے انچارج ڈاکٹر واجد عزیز اور میڈیکل ٹیم کے انچارج ڈاکٹر بشیر الرحمٰن کنٹھ نے اپنی علیحدہ علیحدہ رپورٹس میں جامعہ کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کلیم عباسی کو بتایا کہ میڈیکل ٹیم نے کشمور اور مضافات کا تفصیلی دورہ کیا، متاثرین سیلاب کی حالت زار کا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کیا اور اُن میں دس لاکھ کی ادویات تقسیم کرنے کے علاوہ تین میجر آپریشن کے اور سینکڑوں مریضوں کا طبی معائنہ کیا۔ جامعہ کشمیر کے فری میڈیکل کیمپ سے مستفید ہونے والوں میں ساٹھ فیصد خواتین، تیس فیصد مرد اور دس فیصد بچے شامل تھے۔ جامعہ کشمیر کے سیلاب متاثرین کیلئے عمومی ریلیف کے انچارج ڈاکٹر واجد عزیز نے بتایا کہ جامعہ کشمیر کے تمام ملازمین کی طرف سے عطیہ کی گئی ایک دن کی تنخواہ سے جمع ہونے والے ڈیڑھ ملین کی امداد سے سیلاب متاثرین 305 خاندانوں کو کھانے پینے کی اشیاء پر مشتمل پیکج مہیا کیا گیا جبکہ سیلاب متاثرین میں 300 گرم کمبل، سات ہزار کپڑوں کے نئے جوڑے، دو ہزار جوتوں کے جوڑے، دو سو جیکٹ اور سویٹر اور 750 مچھر دانیاں بھی تقسیم کی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب کیلئے یہ اہل آزاد کشمیر کی طرف سے ایک علامتی تحفہ تھا۔ جس سے اُن کے مسائل میں کوئی کمی تو نہیں آئے گی لیکن کشمیری عوام کی طرف سے ہمدردی اور خیرسگالی کے اس پیغام سے اُن کے حوصلے ضرور بڑھے ہیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کلیم عباسی نے جامعہ کشمیر کے سیلاب ریلیف وفد کی محنت اور انتھک کوششوں کی تعریف کرتے ہوئے اس اُمید کا اظہار کیا سیلاب متاثرین کی امداد کا یہ سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہے گا۔

بقیہ 51

کہ جاں بحق ہونے والوں میں ماں، دو بیٹیاں اور ایک بیٹا شامل ہے۔ ایک سرکاری افسر نے بتایا کہ یہ افراد بانہال کے چک نروا گاؤں میں اپنے گھر میں مردہ پائے گئے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس موقع پر پہنچ گئی ہے اور لاشوں کو بانہال ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ مرنے والوں کی شناخت عبدالرشید کی بیوی 35 سالہ نور جہاں اور اس کے بچوں 12 سالہ ظفر احمد، 8 سالہ شہزہ بانو اور 5 سالہ آسیہ بانو کے طور پر ہوئی ہے۔ موت کی وجہ کا ابھی تک پتہ نہیں چل سکا ہے تاہم ابتدائی رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ کوئلے کے ہیٹر (انگیٹھی) سے گیس کا اخراج موت کی وجہ ہو سکتی ہے۔

بقیہ 52

کے لیے نامزد کیا گیا، یاد رہے کہ یونین کونسل کی کل 10 نشستوں میں سے 6 نومنتخب کونسلرز نے متفقہ طور پر راجہ اظہر آزاد کیانی کو چیئرمین نامزد کیا ہے، اس موقع پر راجہ اظہر آزاد کیانی نے تمام نومنتخب کونسلرز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کریں گے، عوام کی بنیادی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ طور پر حکمت عملی اپنائی جائے گی، تاکہ عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہوسکیں، صحت، تعلیم، رسل و رسائل جیسے بنیادی مسائل کا حل ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، عوام نے بلدیاتی انتخابات میں ہم پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اس پر پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے، تاکہ بلدیاتی انتخابات کے ثمرات عوام تک بھی پہنچ سکیں۔

روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

ADMISSION OPEN
الحاق شدہ
- پنجاب میڈیکل فیکلٹی، گورنمنٹ آف پنجاب
- فارمیسی کونسل آف پاکستان

City Institute of Medical Sciences (CIMS)

تعلیم، روزگار اور خدمتِ خلق ایک ساتھ
ڈپلومہ کے بعد روزگار کے بے شمار مواقع
Eligibility: Matric Science with 2nd Division
2 YEARS DIPLOMA

ڈسپنسر ٹیکنالوجی | میڈیکل لیب ٹیکنالوجی | آپریشن تھیٹر ٹیکنالوجی | ریڈیوگرافی/ایمیجنگ ٹیکنالوجی | فارمیسی ٹیکنیشن (بی۔ کیٹگری)

Hajira Bypass Road, Rawalakot AJK 05824-444222, 0333-0934594, 0348-1523107

حکومت سرکاری تعلیمی اداروں پر عوام کا اعتماد بحال کرنے کیلئے سرگرم ہے، وزیر تعلیم کالجز

نامساعد حالات کے باوجود حکومت نے کالجز میں عمارات کی بہتری، سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت نے بجٹ مختص کیا

تعلیمی اداروں کو سیاست سے پاک کریں گے . ہماری حکومت نے تعلیم کی بہتری پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، خطاب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کے وزیر ہائیر ایجوکیشن ظفر اقبال ملک نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں تعلیمی نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جا رہا ہے . پاکستان تحریک انصاف کی حکومت سرکاری تعلیمی اداروں پر عوام الناس کا اعتماد بحال کرنے کے لیے سرگرم عمل ہے . انہوں نے کہا کہ نامساعد حالات کے باوجود حکومت نے کالجز میں عمارات کی بہتری، سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت نے 54 کالجز کے لیے 12 (بقیہ 31 صفحہ 03 پر)

ڈائریکٹر ایم ٹی بی سی زرطیف بادشاہ کی وزیراعظم سے ملاقات، جاریہ منصوبوں پر گفتگو

ونٹر سنو فیسٹیول سیاحت کو پروموٹ کرنے سمیت مقامی لوگوں کو روزگار جیسے مواقع پیدا کرنے کیلئے سودمند ثابت ہوں گے، زرطیف بادشاہ

ہم ایم ٹی بی سی کے ساتھ پبلک پراویٹ پارٹنرشپ کے طرز مل کر کام کرنے کے خواہاں ہیں، سردار تنویر الیاس کی ملاقات میں گفتگو

مظفرآباد (دھرتی نیوز) ڈائریکٹر پبلک ریلشنز سردار زرطیف بادشاہ کی وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان سے سینٹورس میں ملاقات۔ ڈائریکٹر پبلک ریلشنز سردار زرطیف بادشاہ نے ایم ٹی بی سی کے زیراہتمام Running Projects پہ بات کی۔ وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان نے کہا ہم ایم ٹی بی سی کے ساتھ پبلک پراویٹ پارٹنرشپ کے طرز مل کر کام کرنے کے خواہاں ہیں۔ ڈائریکٹر پبلک ریلشنز سردار زرطیف (بقیہ 49 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: سیکرٹری زراعت وامور حیوانات سردار جاوید ایوب کی زیرصدارت اجلاس، محکمہ اطلاعات اور صحافیوں کے مابین ہونے والے تنازع پر تبادلہ خیال

پی ایم ڈی سی کی بحالی خوش آئند ہے، محمد ایاز خان

حکومت نے پی ایم ڈی سی کی بحالی کر کے احسن اقدام اٹھایا

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ماہر تعلیم محمد ایاز خان نے کہا ہے کہ پی ایم ڈی سی کی بحالی خوش آئند ہے۔ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل میڈیکل کے شعبے میں اصلاحات نافذ کرے گی۔ اخبارات کو جاری ایک بیان میں محمد ایاز خان نے کہا ہے کہ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل 1962 سے قائم ایک وفاقی ادارہ تھا جسے ختم کر دیا گیا تھا لیکن وفاقی حکومت نے پی ایم ڈی سی کی بحالی کر کے احسن اقدام اٹھایا ہے۔ پی ایم ڈی سی کی بحالی سے میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالجز ایڈمیشن ٹیسٹ اب صوبائی سطح پر (بقیہ 32 صفحہ 03 پر)

اسلام آباد: سنیئر صحافی خواجہ متین کے ہمراہ منظر بشیر، محمد آصف، عتیق احمد کا گروپ فوٹو

محکمہ برقیات کے سابق ملازم سردار طارق خان انتقال کر گئے

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) راولاکوٹ کے قریبی گاؤں کوٹ متے خان سے تعلق رکھنے والے محکمہ برقیات کے (ر) ملازم سردار محمد طارق خان انتقال کر گئے ان کی نماز جنازہ ان کے گھر کے قریب ادا کی گئی، نماز جنازہ میں مختلف سیاسی وسماجی (بقیہ 33 صفحہ 03 پر)

یوٹیلٹی سٹور گڑھی پن میں سستی اشیاء کی فراہمی جاری

مظفرآباد (دھرتی نیوز) یوٹیلٹی سٹور گڑھی پن میں سٹاک آنے کے بعد شہریوں کو سستے داموں گھی، آٹا، چینی سمیت دیگر اشیائے خورد ونوش کی بلاتخصیص فراہمی شروع ہو گئی، انچارج سٹور چوہدری عبدالشکور کی نگرانی میں عوام کو سستی اشیائے (بقیہ 34 صفحہ 03 پر)

موسم بہار میں دس لاکھ پودے لگائے جائیں گے، ناظم اعلیٰ جنگلات

8 لاکھ پھلدار پودوں کی شجرکاری کے منصوبہ کو عملی جامع پہنانا ہے، گفتگو

مظفرآباد (دھرتی نیوز) ناظم اعلیٰ جنگلات ترقیات سردار افتخار نے کہا ہے کہ وزیراعظم آزاد کشمیر کے شجرکاری کے اہداف کی سو فیصد تکمیل کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، موسم بہار کی شجرکاری مہم کے دوران 10 لاکھ پودہ جات سے زائد کی شجرکاری کرائی جائے گی۔ (بقیہ 48 صفحہ 03 پر)

سردار عتیق احمد خان نے لاہور میں مصروف ترین دن گزارا

شادی کی تقریب میں شرکت، مقصود گیلانی کی وفات پر اظہار تعزیت

مظفرآباد/لاہور (دھرتی نیوز) صدر مسلم کانفرنس سردار عتیق احمد خان نے لاہور میں مصروف ترین دن گزارا۔ لاہور پاکستان اسمبلی آف مسلم یوتھ کے وائس چیئرمین چوہدری نعیم کریم کے بھتیجے اور چوہدری ندیم کے بیٹے کی دعوت ولیمہ میں شرکت کی۔ بعدازاں صدر مسلم کانفرنس نے (بقیہ 47 صفحہ 03 پر)

حکومت معیار تعلیم کی بہتری کے اقدامات اٹھا رہی ہے، ریحانہ خان

تعلیمی معیار کو بہتر بنا کر ہی ہم ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتے ہیں

مظفرآباد (دھرتی نیوز) چیئرپرسن وویمن کمیشن محترمہ ریحانہ خان نے کہا ہے کہ حکومت نے پرائمری تک مفت کتابیں فراہم کر کے غریب طبقے کو معاشرے میں باوقار مقام دلانے اور طبقاتی نظام کے خاتمے کیلئے احسن اقدام اٹھایا ہے۔ حکومت معیار تعلیم کو بہتر بنانے کے لئے اقدامات (بقیہ 46 صفحہ 03 پر)

مقبوضہ جموں وکشمیر: بانہال میں ماں اور تین کمسن بچوں کی پراسرار موت

جموں (کے پی آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر میں ضلع رام بن کے علاقے بانہال میں بدھ کو تین نابالغ بچوں سمیت ایک ہی خاندان کے چار افراد پراسرار طور پر مردہ پائے گئے۔ حکام کا کہنا ہے (بقیہ 51 صفحہ 03 پر)

جامعہ کشمیر کی طرف سے سیلاب متاثرین میں 5 ملین کی امداد تقسیم

کمیٹی نے نقد رقم، اشیائے خورد ونوش، ادویات ضلع کشمور میں تقسیم کیں

مظفرآباد، لاڑکانہ (صباح نیوز) آزاد جموں و کشمیر یونیورسٹی مظفرآباد کی جانب سے سندھ کے سیلاب متاثرین کی مدد کیلئے پانچ ملین سے زیادہ مالیت کی امدادی اشیاء اور نقد امداد تقسیم کر دی گئی ہے۔ امدادی اشیاء صوبہ سندھ کے لاڑکانہ ڈویژن کے ضلع کشمور کے صدر مقام کشمور (بقیہ 50 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس کا دورہ جمال فاؤنڈیشن، بچوں، سٹاف ممبران کے ہمراہ گروپ فوٹو

نیشنل میڈیا فاؤنڈیشن کے زیراہتمام قومی شخصیت جسٹس (ر) عبدالمجید ملک کی یاد میں سیمینار

ملک مجید کی تحریک آزادی کشمیر کے لئے شاندار خدمات ہیں، ملک مجید کے انتقال سے تحریک آزادی کشمیر کو ناقابل تلافی نقصان ہوا

تحریک آزادی کا ایک قیمتی باب بند ہو گیا، گلشاد احمد بٹ، لبریشن لیگ کے مرکزی صدر خواجہ منظور قادر ایڈووکیٹ و دیگر کا خطاب

مظفرآباد (دھرتی نیوز) نیشنل میڈیا فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کے زیراہتمام تحریک آزادی کی عظیم قومی شخصیت جسٹس (ر) عبدالمجید ملک کی یاد میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی صدارت نیشنل میڈیا فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کے مرکزی صدر گلشاد احمد بٹ نے کی جبکہ تقریب کے مہمان خصوصی لبریشن لیگ کے مرکزی صدر خواجہ منظور قادر ایڈووکیٹ تھے۔ جبکہ تقریب میں ممبر مرکزی زکوۃ کونسل آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر محمد امین بٹ، (بقیہ 35 صفحہ 03 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم آزاد کشمیر سے کشمیر ویڈیو جرنلسٹس کے چیئرمین ملک ارشد اعوان ملاقات کر رہے ہیں۔

یوسی بھناکھہ کے نومنتخب کونسلرز کا اجلاس، راجہ اظہر کیانی چیئرمین یونین کونسل نامزد

یونین کونسل کی کل 10 نشستوں میں سے 6 نومنتخب کونسلرز نے متفقہ طور پر راجہ اظہر آزاد کیانی کو چیئرمین نامزد کیا

عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کریں گے،، عوام کی بنیادی مسائل کے حل کے لیے حکمت عملی اپنائی جائے گی، اظہر کیانی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) حلقہ پانچ پونچھ کی یونین کونسل بھناکھہ پانیولہ کے نومنتخب لوکل کونسلرز کا ایک مشاورتی اجلاس کہاٹ کلاں کے مقام پر زیر صدارت نو منتخب ڈسٹرکٹ کونسلر سردار جاوید شریف ایڈووکیٹ منعقد ہوا، اجلاس میں نومنتخب لوکل کونسلرز اظہر آزاد کیانی، عدنان بشیر، لالہ نیاز کیانی، سعد شاہ، ارشد شاہ سمیت راجہ عقیل احمد کیانی، سید تبارک حسین شاہ نے خصوصی شرکت کی، اجلاس میں متفقہ طور پر راجہ اظہر کیانی کو چیئرمین یونین کونسل (بقیہ 52 صفحہ 03 پر)

تتہ پانی نومنتخب کونسلر کی تحریک انصاف میں شمولیت، انہیں مایوس نہیں کرینگے، قیوم نیازی

چوہدری رشید نے چیئرمین پاکستان تحریک انصاف، اور سابق وزیراعظم عبدالقیوم نیازی کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار

ہمیشہ عوام کی خدمت کی بطور وزیراعظم سستی اور معیاری تعلیم کیلئے نئے اداروں کا قیام اور تعلیمی ریفارمز کا آغاز کیا، سابق وزیراعظم

تتہ پانی (دھرتی نیوز) پاکستان تحریک انصاف آزاد کشمیر کی بڑی کامیابی، نومنتخب آزاد امیدوار لوکل کونسلر ڈاکٹر چوہدری رشید نے اپنے پورے گروپ کیساتھ تحریک انصاف آزاد کشمیر میں شمولیت کا اعلان کر دیا، سابق وزیراعظم سردار عبدالقیوم نیازی نے ڈاکٹر رشید کو تحریک انصاف آزاد کشمیر میں شمولیت پر خوش آمدید کہا اور انہیں یقین دلایا کہ پاکستان تحریک انصاف آزاد کشمیر انہیں مایوس نہیں کرے گی، ڈاکٹر چوہدری رشید نے چیئرمین پاکستان (بقیہ 36 صفحہ 03 پر)

فوڈ اتھارٹی میرپور کے میرج ہالز اور پکوائی سینٹرز پر چھاپے

ایس او پیز پر ہر صورت عمل درآمد جاری رہے گا، ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر

میرپور (صباح نیوز) سپریم کورٹ آزاد جموں کشمیر کی ہدایات کی روشنی میں فوڈ اتھارٹی ڈسٹرکٹ میرپور کی جانب سے میرج ہالز اور پکوائی سینٹرز کی پڑتال کا سلسلہ جاری ہے، فوڈ سیفٹی آفیسر ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر ضلع میرپور سید ذوالفقار علی شاہ نے کہا کہ فوڈ اتھارٹی کے ایس او پیز پر ہر صورت عمل درآمد جاری رہے گا۔ تفصیلات کے مطابق منگل کے روز بھی ڈسٹرکٹ فوڈ سیفٹی افیسر (بقیہ 38 صفحہ 03 پر)

حکومت بلدیاتی اداروں کو با اختیار اور باوسائل بنائے، تنویر انور

بلدیاتی ادارے نظام حکومت میں شریک کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں

چڑہوئی (صباح نیوز) جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر کے سیکرٹری جنرل محمد تنویر انور خان نے کہا ہے کہ حکومت بلدیاتی اداروں کو با اختیار اور باوسائل بنائے تاکہ عوام کے مسائل ان کے گھروں کی دہلیز پر حل ہوں، بلدیاتی ادارے جمہوریت کا حسن ہیں اور عوام کو براہ راست نظام حکومت میں شریک کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں نوجوان آگے بڑھیں اصلاح معاشرہ کے ساتھ ساتھ تعمیر وترقی (بقیہ 39 صفحہ 03 پر)

سابق سیکرٹری راجہ محمد رزاق فیملی پلاننگ ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر منتخب

سابق صدر ڈاکٹر رشیدہ پانزئی نے راجہ محمد رزاق خان ایڈووکیٹ سے اسلام آباد میں ان کے عہدے کا حلف لیا

مملکت پاکستان میں سماجی ومعاشی بہتری اور پائیدار ترقی کا حصول سب سے بڑا چیلنج ہے، راجہ رزاق ایڈووکیٹ

اسلام آباد (پی آئی ڈی) ریٹائرڈ سیکرٹری حکومت آزاد کشمیر راجہ محمد رزاق خان ایڈووکیٹ انٹرنیشنل NGO ''فیملی پلاننگ ایسوسی ایشن آف پاکستان'' کے صدر منتخب، عہدے کا حلف اٹھالیا۔ سابق صدر ڈاکٹر رشیدہ پانزئی نے راجہ محمد رزاق خان ایڈووکیٹ سے اسلام آباد میں ان کے عہدے کا حلف لیا۔ راجہ محمد رزاق ایڈووکیٹ اس سے قبل ایسوسی ایشن کے بورڈ آف گورنرز میں بطور ممبر اپنی ذمہ داریاں سرانجام دے چکے ہیں۔ تقریب حلف (بقیہ 40 صفحہ 03 پر)

نیب نے تھرکول واٹر پراجیکٹ میں تحقیقات کا آغاز کر دیا

کراچی (اے ایف پی) نیب نے تھرکول واٹر پراجیکٹ میں ایک ارب 29 کروڑ روپے بے ضابطگیوں کا انکشاف کیا ہے، جس کی تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ نیب حکام نے سیکرٹری آبپاشی سے ریکارڈ طلب کر لیا۔ نیب حکام (بقیہ 45 صفحہ 03 پر)

فیصل واوڈا سینیٹ رکنیت سے مستعفی

اسلام آباد: (اے ایف پی) فیصل واوڈا ایوان بالا سینیٹ کی رکنیت سے مستعفی ہو گئے۔ فیصل واوڈا نے اپنا استعفیٰ چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کو پیش کر دیا۔ انہوں نے سپریم کورٹ کے احکامات کی روشنی میں استعفیٰ دیا۔ وہ پی ٹی آئی (بقیہ 44 صفحہ 03 پر)

مقبوضہ کشمیر، مذہبی تقریب روکنے کے لئے سخت پابندیاں عائد

سرینگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر میں بی جے پی حکومت نے ضلع باہمولہ میں سخت پابندیاں عائد کر کے لوگوں کو ایک مذہبی تقریب میں شرکت سے روک دیا ہے۔ مذہبی تقریب کا اہتمام کل جماعتی حریت کانفرنس کے رہنما مسرور عباس انصاری نے امام بارگاہ گنڈ خواجہ قاسم پٹن میں (بقیہ 43 صفحہ 03 پر)

مری، برفباری کے سیزن میں مال روڈ پر ٹریفک کے داخلے پر پابندی عائد

مری (صباح نیوز) مری میں ٹریفک پولیس نے برفباری کے سیزن کے لئے انتظامات مکمل کر لئے جس کے تحت سیزن میں مال روڈ پر ٹریفک کے داخلے پر پابندی عائد کی گئی (بقیہ 37 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ: حافظ اشفاق انجم، سید محمود شاہ مدرس عبدالحفیظ کی عیادت کرتے ہوئے

الخدمت فاؤنڈیشن آزاد کشمیر کے صدر راجہ جہانگیر خان کی ڈاکٹر حفیظ سے ملاقات

پشاور (نامہ نگار) الخدمت فاؤنڈیشن آزاد کشمیر صدر راجہ جہانگیر خان (بقیہ 42 صفحہ 03 پر)

کشتی ڈوب رہی ہو تو اسٹیبلشمنٹ خاموش نہیں رہ سکتی، شیخ رشید

راولپنڈی (صباح نیوز) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ اور سابق وفاقی (بقیہ 41 صفحہ 03 پر)

حکومت آزاد کشمیر کے انقلابی اقدامات

- بورڈ آف انوسٹمنٹ کو فعال کرنے کے لیے موثر اقدامات
- 300 تعلیمی اداروں کی اپ گریڈیشن کی منظوری
- سیاحت کے فروغ کیلئے اقدامات۔

آزاد کشمیر میں مثبت صحافت کے فروغ کے لیے جرنلزم اکیڈمی کے قیام کا فیصلہ

- رحمت اللعالمین اتھارٹی کے قیام مساجد کو مفت بجلی کی فراہمی کا فیصلہ۔
- ایل او سی پر ہندوستانی فائرنگ سے معذور ہونے والوں کیلئے گزارہ الاؤنس۔
- آزاد کشمیر کی تاریخ میں پہلی بار مہاجرین کا گزارہ الاونس 2000 سے بڑھا کر 3500 کیا گیا۔
- فوڈ اتھارٹی کا قیام جس سے عوام کو خوراک کی بہتر کوالٹی کی فراہمی ممکن ہوگی
- وزیراعظم کا عوام سے براہ راست رابطہ قائم کرنے کیلئے آن لائن شکایات سیل، ڈیجیٹل ایپ کا قیام
- وزیراعظم کے انفارمیشن ٹیکنالوجی بارے ویژن کے تحت راولاکوٹ میں پہلا ایکسیلنس آئی ٹی سنٹر کا قیام
- تینوں ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز میں وزیراعظم کے اعلان کردہ آئی ٹی پارکس کے منصوبوں کو بھی عملی شکل دی جا رہی ہے
- وزیراعظم سردار تنویر الیاس خان نے میرپور ڈرائی پورٹ کا سنگ بنیاد رکھا یہ منصوبہ ایک سال میں مکمل ہونے پر اربوں روپوں سالانہ آمدن متوقع ہے۔ 31 سال سے زیر التواء منصوبے کا آغاز وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان کے دور میں ممکن ہو رہا ہے۔
- وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان نے محکمہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے زیر انتظام تعلیمی اداروں کے لئے معلمین القرآن بی۔01 کی 496 اسامیاں تخلیق کئے جانے کی منظوری دے دی۔
- بیروزگار نوجوانوں کو بلاسود قرضوں کی فراہمی۔

آزاد کشمیر کی تاریخ میں پہلی بار ایئرپورٹس کو فعال بنانے کے لیے اقدامات

آزاد کشمیر کے ہر ضلع میں کاٹیج انڈسٹری لگانے کا فیصلہ

زکوۃ کی رقم 3 ہزار سالانہ سے بڑھا کر 36 ہزار روپے کرنے کا فیصلہ

جہیز فنڈ 12 ہزار سے بڑھا کر 60 ہزار روپے کرنے کا فیصلہ۔

آزاد کشمیر میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے بورڈ آف انوسٹمنٹ ایکٹ سمیت دیگر اقدامات پر آزاد کشمیر کے عوام
وزیراعظم سردار تنویر الیاس خان کو انکی ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

محکمہ اطلاعات
آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر
www.ajk.gov.pk/
AK-223N/12/22

For Daily Kashmir Dharti News Update
Follow u On
Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti / twitter
Dailydharti / Instagram
Dailydharti / zoom
HD NEWS

چیف ایڈیٹر وپبلشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com